امتحانات سے فارغ طلبہ کے لئے مرکزی انجمن کے زیر اہتمام

اسلامک جنرل نالج ورکشاپ

28 مئی تا 7 جولائی 1994ء

قرآن کالج لاہور

میں منعقد ہو گی (ان شاء اللہ) جس میں مندرجہ ذیل مضامین کی تدریس ہو گی:

۱۔ نماز و قراءتِ قرآن کی تصحیح
۲۔ مطالعۂ دینی لٹریچر
۳۔ قرآن حکیم کے منتخب اسباق
۴۔ ارکانِ اسلام اور ان سے متعلق تفصیلات۔

-------------نوٹ-------------

- اس کورس میں رجسٹریشن کی آخری تاریخ 26 مئی 94ء ہے۔
- اوقاتِ تعلیم صبح ۸ بجے سے ۱۲ بجے دوپہر ہوں گے۔
- کورس فیس مبلغ ۲۰۰ روپے ہے' جس میں جملہ کتب کی قیمت شامل ہے۔
- ہاسٹل میں رہائش کی محدود گنجائش ہے۔ خواہشمند طلبہ رجسٹریشن کے وقت ہاسٹل فارم حاصل کریں۔
- ہاسٹل میں ۶ ہفتے کے قیام و طعام کا خرچ 800 روپے ہو گا۔
- مستحق طلباء کے لئے رعایت کی گنجائش ہے۔
- تدریس کا آغاز ان شاء اللہ ۲۸ مئی سے ہو جائے گا۔

المعلن : پرنسپل قرآن کالج لاہور

۱۹۱۔ اتاترک بلاک' نیو گارڈن ٹاؤن' فون : ۵۸۳۳۶۳۷

وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا

(البقرہ: ۲۶۹)

5 - 5 - ۹۶

ماہنامہ

حکمتِ قرآن

لاہور

بیادگار: ڈاکٹر محمد رفیع الدین ایم اے، پی ایچ ڈی، ڈی لٹ، مرحوم

مدیر اعزازی: ڈاکٹر ابصار احمد، ایم اے، ایم فل، پی ایچ ڈی،

معاون: حافظ عاکف سعید، ایم اے (فلسفہ)

ادارہ تحریر: پروفیسر حافظ احمد یار، حافظ خالد محمود خضر

جلد ۱۳ — ذوالحجہ ۱۴۱۴ھ - مئی ۱۹۹۴ء — شمارہ ۵

— یکے از مطبوعات —

مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور

۳۶۔ کے۔ ماڈل ٹاؤن۔ لاہور ۱۴۔ فون: ۸۵۶۰۰۳

کراچی آفس: ۱۱ داؤد منزل متصل شادی ہال، شاہراہ لیاقت کراچی، فون: ۲۱۶۵۸۶

سالانہ زرتعاون ۶۰/- روپے، فی شمارہ ۶/- روپے

مطبع: آفتاب عالم پریس ہسپتال روڈ لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حرفِ اوّل

قرآن کالج میں ایم اے کلاسز کے اِجراء کا فیصلہ

قرآن کالج کے بورڈ آف گورنرز کی حالیہ میٹنگ میں تدریس سے متعلق بعض اہم فیصلے کئے گئے ہیں۔ ان فیصلوں پر مشتمل ایک جامع رپورٹ جو ناظمِ کالج جناب لطف الرحمٰن خان صاحب نے مرتب کی ہے، پیشِ خدمت ہے:

"قرآن کالج سے دلچسپی رکھنے والے قارئین کے علم میں یہ بات پہلے ہی لائی جاچکی ہے کہ آئندہ تعلیمی سال سے کالج میں ایف۔اے تربیتی سال ختم کردیا جائے گا اور لاہور بورڈ کے نصابی مضامین کے ساتھ کالج کے اضافی مضامین کی بھرپور تدریس ان شاء اللہ دو سال ہی میں مکمل کی جائے گی۔ اس طرح اس سال میٹرک پاس کرنے والے جو طلبہ قرآن کالج میں داخلہ لیں گے وہ دو سال میں ایف۔اے کرسکیں گے۔ قرآن کالج کے بورڈ آف گورنرز نے دو مزید اہم فیصلے کئے ہیں جن سے ہم اپنے قارئین کو مطلع کرنا ضروری سمجھتے ہیں۔

آئندہ تعلیمی سال سے اگر اللہ نے چاہا تو قرآن کالج میں ایم۔اے معاشیات اور ایم۔اے عربی کی تدریس کا آغاز ہوجائے گا۔ پروگرام یہ ہے کہ ان شاء اللہ جولائی ۹۴ء کے آخر میں ایم۔اے کی کلاسوں میں داخلہ دیا جائے گا اور اگست ۹۴ء میں تدریس کا باقاعدہ آغاز ہوگا۔ یہ بات بھی طے کی گئی ہے کہ ایم اے کلاسوں میں داخلہ صرف ڈے سکالرز کو دیا جائے گا، تاہم قرآن کالج ہی سے گریجویشن کرنے والے طلبہ اس قاعدے سے مستثنیٰ ہوں گے۔

آئندہ تعلیمی سال سے ان شاء اللہ العزیز بی۔اے سال اول اور سال دوم میں دیگر نصابی اور اضافی مضامین کے ساتھ ساتھ کمپیوٹر کی ابتدائی تعلیم (application packages) کا سرٹیفکیٹ کورس بھی مکمل کروایا جائے گا۔ اس طرح قرآن کالج سے گریجویشن کرنے والے طلبہ کو کمپیوٹر کی مبادیات سے بھی بخوبی واقفیت حاصل ہوسکے گی۔

واضح رہے کہ کمپیوٹر کے سرٹیفکیٹ کورس کے لئے نہ تو طلبہ سے کوئی اضافی فیس لی جائے گی اور نہ ہی ان کی ٹیوشن فیس میں کوئی اضافہ کیا گیا ہے، البتہ "لیب" (LAB) چارجز کے طور پر ان طلبہ کو پچاس روپے ماہانہ ادا کرنے ہوں گے۔ ایم۔اے کی کلاسوں میں داخلہ لینے والے طلبہ کو بھی اجازت ہوگی کہ وہ لیب چارجز ادا کر کے کمپیوٹر کے سرٹیفکیٹ کورس میں شمولیت کر سکیں۔ ہمیں امید ہے کہ آپ اپنے حلقہ احباب میں نہ صرف قرآن کالج کو متعارف کروائیں گے بلکہ مذکورہ بالا فیصلوں سے بھی انہیں آگاہ کریں گے۔ تفصیلات جاننے کے خواہش مند حضرات قرآن کالج کے پتہ پر دس روپے کے ڈاک ٹکٹ بھیج کر پراسپکٹس طلب فرمائیں۔ کالج کا پتہ نوٹ فرمالیجئے! قرآن کالج، ۱۹۱۔اتاترک بلاک، نیو گارڈن ٹاؤن، لاہور۔"

لَنْ یَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَاؤُهَا وَلٰكِنْ یَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ
(الحج۔آیت ۳۷)
اللہ تک تمہاری قربانیوں کا گوشت اور خون نہیں پہنچتا مگر تمہارا تقویٰ پہنچتا ہے۔
قربانی ہماری معاشرتی رسم ہے یا دینی فریضہ!
عید الاضحیٰ کے مبارک موقع پر قربانی کے ساتھ
قربانی کی رُوح اور مقاصد کو سمجھنے کے لیے
امیر تنظیم اسلامی ڈاکٹر اسرار احمد کی تالیف
عیدُالاضحیٰ اور فلسفۂ قربانی
کا مطالعہ ضرور کیجئے
• سفید کاغذ • رنگین سرورق • ۴۸ صفحات • قیمت صرف ۸ روپے
قریبی بکسٹال سے خریدیئے یا ہم سے منگوائیے!
مرکزی انجمن خدام القرآن، ۳۶۔K ماڈل ٹاؤن لاہور ۱۴

مطالعۂ قرآن حکیم
ڈاکٹر اسرار احمد

سُوْرَۃُ هُوْد

(آیات ۹۱-۹۵)

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّی عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ۔ اما بعد

فاعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم ○ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○

قَالُوْا یٰشُعَیْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِیْرًا مِّمَّا تَقُوْلُ وَاِنَّا لَنَرٰىكَ فِیْنَا ضَعِیْفًا ج
وَلَوْلَا رَهْطُكَ لَرَجَمْنٰكَ ز وَمَآ اَنْتَ عَلَیْنَا بِعَزِیْزٍ ○ قَالَ یٰقَوْمِ اَرَهْطِیْٓ
اَعَزُّ عَلَیْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ ط وَاتَّخَذْتُمُوْهُ وَرَآءَكُمْ ظِهْرِیًّا ط اِنَّ رَبِّیْ بِمَا
تَعْمَلُوْنَ مُحِیْطٌ ○ وَیٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّیْ عَامِلٌ ط سَوْفَ
تَعْلَمُوْنَ لا مَنْ یَّاْتِیْهِ عَذَابٌ یُّخْزِیْهِ وَمَنْ هُوَ كَاذِبٌ ط وَارْتَقِبُوْٓا اِنِّیْ
مَعَكُمْ رَقِیْبٌ ○ وَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّیْنَا شُعَیْبًا وَّالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ
بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَاَخَذَتِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوا الصَّیْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِیْ دِیَارِهِمْ
جٰثِمِیْنَ ○ كَاَنْ لَّمْ یَغْنَوْا فِیْهَا ط اَلَا بُعْدًا لِّمَدْیَنَ كَمَا بَعِدَتْ ثَمُوْدُ ○ع

انھوں نے کہا: "اے شعیبؑ! جو کچھ تم کہتے ہو اُس کا بہت سا حصہ تو ہماری سمجھ ہی میں نہیں آتا۔ اور ہم دیکھتے ہیں کہ تم (بذاتِ خود) ہم میں بہت کمزور ہو، اور اگر تمہارے خاندان کا پاس نہ ہوتا تو ہم تمھیں سنگسار کر چکے ہوتے۔ اور تم خود ہم پر کچھ بھاری نہیں ہو!" شعیبؑ نے جواب دیا: "اے میری قوم! کیا میرا خاندان تم پر اللہ سے بھی بڑھ کر بھاری ہے، اور اسے تو تم نے بالکل پسِ پشت ڈال دیا ہے۔ یقیناً جو کچھ تم کر رہے ہو وہ میرے ربّ کے حیطۂ قدرت سے باہر نہیں! ——— اور اے میری قوم کے لوگو! تم بھی کر دیکھو اپنی سعی میں بھی کیے جاؤں گا (اپنا کام)، یہ کوئی دیر کی بات ہے کہ تم خود دیکھ لوگے کہ کس پر آتا ہے وہ عذاب جو اسے رسوا کر کے رکھ دے اور کون ہے وہ جو جھوٹا ہے، سو اب راہ دیکھو، میں

بھی تمہارے ساتھ منتظر ہوں۔" اور جب آپہنچا ہمارا حکم تو ہم نے شعیبؑ اور اس کے ساتھ ایمان لانے والوں کو اپنی رحمتِ خصوصی سے بچا لیا، اور جو ظلم کے مرتکب رہے تھے ان کو ایک کڑک دار آواز نے دبوچ لیا، جس کے نتیجے میں وہ اپنی بستیوں میں ایسے اوندھے پڑے رہ گئے جیسے کہ وہ ان میں کبھی بسے ہی نہ تھے۔ خوب کان کھول کر سن لو! نابود ہوئے مدین والے جیسے نابود ہوئی تھی قوم ثمود۔

سورۂ ہود کے آٹھویں رکوع میں جو بارہ آیات پر مشتمل ہے پہلے حضرت شعیب علیہ السلام کے قول کی صورت میں ان کی اساسی دعوت کا خلاصہ آیا ہے۔ پھر قوم کے جواب کی صورت میں اس کا ابتدائی ردّعمل بیان ہوا ہے، جس کی تان ٹوٹی ایک حد درجہ کھسیانے مگر شدید چبھنے والے طنز و طعن پر کہ "لے دے کر ایک تم ہی تو دانشمند اور راستباز رہ گئے ہو!" پھر حضرت شعیبؑ کی جوابی تقریر آئی جس پر گزشتہ درس ختم ہوا تھا اور جو واقعہ یہ ہے کہ داعیانہ طرزِ خطاب اور حکیمانہ طرزِ تبلیغ کا پیغمبرانہ شاہکار ہے۔ اس کا جو جواب قوم نے دیا وہ آج کی زیرِ درس آیات کے آغاز میں وارد ہوا ہے۔ اس میں ایک جانب تو وہ اعترافِ شکست اپنی منطقی انتہا کو پہنچا ہوا نظر آتا ہے جس کا کسی قدر اظہار پہلے بھی ہو چکا ہے اور دوسری جانب ان کی جھنجھلاہٹ نقطۂ عروج کو پہنچی نظر آتی ہے۔

جہاں تک قوم کے اعترافِ شکست کا تعلق ہے تو اخلاقی میدان میں شکست تو وہ پہلے ہی تسلیم کر چکے تھے جب وہ اپنی بداعمالیوں کا نہ تو انکار کر سکے نہ ہی ان کے لیے کوئی وجہ جواز پیش کر سکے اور "کھسیانی بلی کھمبا نوچے" کے مصداق اگر کچھ کر سکے تو صرف یہ کہ خود حضرت شعیبؑ پر نیکی اور پاک بازی کا طعنہ جڑ دیا۔ بالکل ایسے جیسے کہ وہ شخص جو چت ہو گیا ہو زمین پر لیٹے ہوئے سینے پر سوار حریف کے منہ پر تھوک دے۔

اس سے آگے بڑھ کر معاملہ ہے ذہنی و فکری شکست کے اعتراف کا کہ پیغمبرانہ دعوت اور حکیمانہ طرزِ خطاب کے آگے بے بس اور لاجواب ہو کر قوم نے آخری پناہ جہالت اور قصورِ فہم کے اعتراف میں لی کہ "اے شعیب، تمہاری اکثر باتیں تو ہماری سمجھ ہی سے باہر ہیں! ہماری سمجھ ہی میں نہیں آتا کہ تم کہتے کیا ہو!" گویا کہ ان کی سٹی گم ہو چکی اور عقل کی محکمات اور فطرت کی بدیہیات پر مبنی پیغمبرانہ دعوت نے انہیں بالکل بے بس اور ناچار کر کے رکھ دیا۔

اور یہی وہ مرحلہ ہے جس پر جھنجلاہٹ ظاہر ہوتی ہے۔ چنانچہ آگے ان کا قول نقل ہوا کہ جہاں تک تمہاری اپنی ذات کا تعلق ہے تم ایک کمزور و ناتواں انسان ہو اور ہم پر ہرگز بھاری نہیں۔ اگر تمہارا کنبہ قبیلہ نہ ہوتا جس کی حمیت و حمایت ہماری راہ میں حائل ہے تو ہم کبھی کا تمہیں مچھر کی طرح مسل چکے ہوتے۔ یہ مقام دو اعتبارات سے قابلِ توجہ ہے: ایک یہ کہ اس پہلو سے اس سورۂ مبارکہ میں ایک فوری تقابل یعنی Simultaneous Contrast سامنے آتا ہے کہ حضرت شعیبؑ کے تذکرے سے متصلاً قبل ذکر آیا ہے حضرت لوطؑ کا جو ایک غیر قوم کی جانب مبعوث کیے گئے تھے، جہاں ان کا اپنا کوئی کنبہ یا قبیلہ موجود نہ تھا جس کی حمیّت و حمایت کا کوئی حصار کسی درجے میں ان کی حفاظت کر سکتا، لہٰذا شدتِ احساس میں آنجنابؑ کی زبان سے یہ الفاظ نکل گئے کہ "لَوْ اَنَّ لِیْ بِکُمْ قُوَّۃً اَوْ اٰوِیْۤ اِلٰی رُکْنٍ شَدِیْدٍ" یعنی: "کاش کہ میرے پاس تمہارے مقابلے کے لیے طاقت ہوتی یا میں پناہ ہی لے سکتا کسی مضبوط پناہ گاہ میں!" اس کے برعکس صورتِ حال ہے حضرت شعیبؑ کے ساتھ کہ ان کے دشمن جھنجلا رہے ہیں اس بات پر کہ اگر ان کے گرد کنبے یا قبیلے کی حمیّت و حمایت کا حصار نہ ہوتا تو وہ انہیں کوئی مہلت نہ دیتے اور کبھی کے سنگسار کر چکے ہوتے۔ دوسرے یہ کہ ان دونوں جلیل القدر پیغمبروں کے حالات و وقائع کے بیان میں ؎

"خوشتر آں باشد کہ سرِّ دلبراں گفتہ آید در حدیثِ دیگراں!"

کے مصداق عکاسی ہو رہی ہے خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ مطہرہ اور آپؐ کی حیاتِ طیبہ کے دوران پیش آمدہ حالات و واقعات کی۔ بنظرِ غائر دیکھا جائے تو آغازِ وحی اور حکمِ تبلیغ کے بعد قیامِ مکہ کے بارہ تیرہ سالوں کے دوران آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دونوں ہی قسم کے حالات سے سابقہ رہا۔ چنانچہ پہلے دس سالوں کے دوران آپؐ کو اپنے خاندان یعنی بنی ہاشم کی حمیت و حمایت کی پشت پناہی حاصل رہی۔ اس لیے کہ خاندان کی سربراہی کا منصب ابوطالب کو حاصل تھا جو اگرچہ حضورؐ پر ایمان نہیں لائے تاہم اپنی ذات میں بھی ایک شریف النفس انسان تھے اور آنحضورؐ سے بھی شدید محبت کرتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ قریش آنحضورؐ کے خلاف کوئی فیصلہ کن اقدام نہ کر سکے۔ اغلباً ۹ھ نبوی میں ان کا وفد فیصلہ کن گفتگو کے لیے ابوطالب کے پاس آیا اور آخری الٹی میٹم دے گیا کہ اب ہمارے صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا ہے یا تو اپنے بھتیجے کی حمایت سے دستکش ہو جاؤ یا پھر میدان میں آ کر مقابلہ کر لو۔ روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ اس موقع پر ابوطالب کی ہمت بھی جواب دینے لگی اور جب اس کا اظہار آنحضورؐ کے سامنے ہوا تو خود آپؐ کی آنکھیں بھی نم ہو گئی تھیں لیکن چچا کی اس بات کے جواب میں کہ "بھتیجے! مجھ پر اتنا بوجھ

نہ ڈالو جسے میں برداشت نہ کرسکوں "! جب آپ کی زبان مبارک سے یہ پُرعزم الفاظ نکلے کہ "چچا جان، اب یا تو یہ کام پورا ہو کر رہے گا یا میں اسی میں اپنے آپ کو ہلاک کر لوں گا" تو عزیمت نبوّت سے سہارا پاکر ابوطالب کی ہمّت بھی دوبارہ قائم ہوگئی اور ان کی زندگی میں قریش اپنے الٹی میٹم کو عملی جامہ پہنانے کی جرأت نہ کرسکے!!

البتہ سنہ میں ان کے انتقال کے بعد خاندانی حمیت وحمایت کا یہ دفاعی حصار ختم ہوگیا اور قیامِ مکّہ کے باقی تین سالوں کے دوران آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم اس صورتِ حال سے دوچار رہے جو حضرت لوطؑ کے تذکرے میں سامنے آتی ہے! یہی وجہ ہے کہ اگرچہ اللہ تعالیٰ کی نصرت وحمایت کا باطنی سہارا تو انبیاءؑ رسل کی تو بڑی بات ہے ہر بندۂ مومن کو ہر آن اور ہر حال میں حاصل رہتا ہی ہے تاہم عالمِ واقعہ میں الفاظِ قرآنی "وَاَعِدُّوا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ" کے مطابق ظاہری ومادی اسباب کے حصول کی کوشش بھی لازم وواجب ہے لہٰذا آنحضورؐ نے سنہ نبوی ہی میں طائف کا سفر اختیار کیا۔ یہ دوسری بات ہے کہ حکمت ومشیتِ الٰہی میں دارالہجرت قرار پانے کا شرف طائف کی قسمت میں نہ تھا بلکہ یثرب کے لیے مقدر تھا! چنانچہ طائف تو آنحضورؐ بنفسِ نفیس تشریف لے گئے پھر بھی بات نہ بنی اور یثرب کے لوگ خود چل کر حاضر ہوئے اور کرتے نبویؐ کو ساتھ لے گئے بس

این سعادت بزورِ بازو نیست تا نہ بخشد خدائے بخشندہ!

واضح رہے کہ انبیاء ورسل کے حالات وواقعات کے بیان کی جو اصل غرض اسی سورۂ مبارکہ کی آیت نمبر ۱۲۰ میں بیان ہوئی ہے کہ "وَكُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَاۗءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ" یعنی "(اے نبیؐ) ہم آپ کو رسولوں کے یہ تمام اہم واقعات سنا کر آپ کے دل کو تقویت دے رہے ہیں" تاکہ ان میں جاری وساری سنت اللہ کے مشاہدے سے آپؐ اور آپؐ کے ساتھی اہل ایمان کے دلوں کو تقویت حاصل ہو۔!

قوم کے انکار واعراض پر جو آخری قولِ فیصل حضرتِ شعیبؑ کا ان آیاتِ مبارکہ میں نقل ہوا ہے اس میں اوّلاً اُن کی نادانی اور جہالت پر حسرت کا اظہار ہے کہ "نادانو! تمہیں میرے خاندان کی طاقت وقوت کا تو اتنا خیال ہے کہ شدید جھنجھلاہٹ کے باوجود مجھ پر دست درازی کی جرأت نہیں کر رہے لیکن اللہ کی قدرت واختیار کو تم بالکل بھلا بیٹھے ہو۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ خدا کے وجود کے منکر تو وہ لوگ نہ تھے البتہ وہ اُن کے شعور سے دور ہوگیا تھا۔ اور فی الواقع مشرکانہ اوہام وعقائد کا نتیجہ یہی نکلتا ہے کہ اگرچہ ایک خدا کے بزرگ وبرتر کے وجود کا انکار نہیں ہوتا تاہم اس کے اور بندوں کے درمیان

بہت سے مزعومہ معبود حائل ہو جاتے ہیں چنانچہ ایک تو اس کی ذات بھی ان کے فوری سوچ بچار اور شعوری غور و فکر کے دائرے سے دور بہت دور ہو جاتی ہے جس کی جانب اشارہ ہے آیات زیر درس میں "وَاتَّخَذْتُمُوْهُ وَرَاءَكُمْ ظِهْرِيًّا" کے الفاظ مبارکہ میں یعنی "اس کو تو تم نے ڈال دیا ہے بالکل پس پشت!" اور دوسرے اس کی صفات کمال کا ادراک بالکل معدوم ہو جاتا ہے۔ چنانچہ نہ وہ "عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ" نظر آتا ہے نہ "بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ" یہی وجہ ہے کہ ایمان باللہ کے ضمن میں قرآن حکیم ایک جانب تو ذات باری تعالیٰ کے قرب پر زور دیتا ہے جیسے آیات مبارکہ "وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ" اور "نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ" میں اور دوسری طرف اللہ کے اسماء و صفات کا بیان اس درجہ اعادہ و تکرار کے ساتھ کرتا ہے کہ وہ قاری کے ذہن و شعور میں پوری طرح مرتسم ہو جاتی ہیں۔ آخر میں حضرت شعیبؑ کا اپنی قوم سے اعلان برأت ہے کہ "تم اپنی سی کر دیکھو میں اپنی سی کر رہا ہوں۔" "يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ" اور اس کے لگ بھگ الفاظ سے بعض ناسمجھ لوگوں نے رواداری کا مضمون اخذ کرنے کی سعی لاحاصل کی ہے۔ ان الفاظ کے تیور بالکل جدا ہیں اور ان میں رواداری کے بالکل برعکس بیزاری اور برأت بلکہ اس سے بھی بڑھ کر تحدی اور چیلنج کا مفہوم پنہاں ہے کہ اگر اب تک تم لوگوں نے میرے کسی ذاتی یا خاندانی لحاظ کی وجہ سے میری مخالفت اور دشمنی میں کوئی کسر اٹھا رکھی ہے تو اب میں تمہیں اس سے بھی فارغ خطی دیتا ہوں، جو بھی کچھ تم سے بن آئے کر گزرو۔ جو کچھ میرے امکان میں ہے میں کر رہا ہوں۔ اب فیصلہ اللہ کے ہاتھ میں ہے اور اس کے ظاہر ہونے میں زیادہ دیر نہیں ہے۔ کوئی دیر کی بات ہے کہ تم خود دیکھ لوگے کہ رسوا کن عذاب کس پر مسلط ہوتا ہے۔ اور ہم میں سے جھوٹا اور برخود غلط کون تھا، میں یا تم!۔ واضح رہے کہ اس یقین محکم کے ساتھ جو ان الفاظ سے ظاہر ہو رہا ہے کہ قوم عذاب کی مستحق بن چکی ہے اور وہ ان پر مسلط ہو کر رہے گا" "وَارْتَقِبُوْا اِنِّيْ مَعَكُمْ رَقِيْبٌ" کے الفاظ میں اشارہ ہو گیا کہ اس وقت معین کا علم کہ عذاب کب آئے گا صرف اللہ کو تھا، لہٰذا حضرت شعیبؑ بھی اس کا انتظار ہی کر سکتے تھے۔ بہر حال وہ اپنے وقت معین پر آ کر رہا، نتیجتاً صرف رسول اور ان کے ساتھ اہل ایمان بچا لیے گئے اور باقی پوری قوم کو ایسے نیست و نابود کر دیا گیا جیسے کہ وہ کبھی تھے ہی نہیں۔ اَعَاذَنَا اللّٰهُ مِنْ ذٰلِكَ وَاٰخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔

○○○

حج اور عیدالاضحی

اور ان کی اصل روح قرآن حکیم کے آئینے میں

از قلم
ڈاکٹر اسرار احمد

اسلام کے پانچ ارکان میں سے اوّلین اور اہم ترین تو بلاشبہ کلمۂ شہادت ہے جو ایمان کے قانونی پہلو یعنی "اِقْرَارٌ بِاللِّسَانِ" کا مظہر ہے، بقیہ چار عبادات مختلف صورتوں پر مشتمل ہیں یعنی 'اِقَامَۃُ الصَّلٰوۃِ' یا فرض نمازوں کی پابندی 'اِیْتَاءُ الزَّکٰوۃِ' یا صدقاتِ واجبہ کی ادائیگی۔ 'صَوْمُ رَمَضَانَ' یا ماہِ رمضان مبارک کے روزے اور 'حِجُّ الْبَیْتِ' یا بیت اللہ شریف کا حج!

ان کے مابین ایک دلچسپ تقسیم تو اس اعتبار سے ہے کہ ان میں سے دو ہر مسلمان پر لازم ہیں خواہ وہ امیر ہو خواہ غریب یعنی صلوٰۃ و صوم اور دو صرف کھاتے پیتے مسلمانوں پر فرض ہیں یعنی زکوٰۃ صرف صاحبِ نصاب پر اور حج صرف صاحبِ استطاعت پر ـــــ لیکن ایک دوسری اور نمایاں تر تقسیم اس اعتبار سے ہے کہ ان میں سے دو یعنی صلوٰۃ و زکوٰۃ بقیہ دو کے مقابلے میں قدرے اوّلیت و اقدمیت کے حامل بھی نظر آتے ہیں اور عظمت و اہمیت کے بھی۔ اس لئے بھی کہ قرآنِ مجید میں ان کا ذکر حد درجہ تکرار و اصرار کے ساتھ آیا ہے جبکہ حج کا ذکر کل تین بار آیا ہے اور صوم کا صرف ایک بار اور

اس لئے بھی کہ صلوٰۃ و زکوٰۃ کا تذکرہ مکی دور کے آغاز ہی سے شروع ہو جاتا ہے جبکہ صوم و حج کا ذکر صرف مدنی سورتوں میں ملتا ہے۔ مزید برآں بعض ان روایات میں بھی جن میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی جنگ کے خاتمے کی کم از کم شرائط کا بیان ہے، شہادتین کے ساتھ صرف صلوٰۃ و زکوٰۃ ہی کا ذکر ملتا ہے، صوم و حج کا نہیں۔ مثلاً حضرت معاذ ابن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے جو طویل روایت احمد، بزار، نسائی، ابن ما وغیرہم نے نقل کی ہے اس میں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ الفاظ مبارکہ ملتے ہیں کہ:

"اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ	مجھے حکم ہوا ہے کہ جنگ جاری رکھوں
حَتّٰی یُقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَیُؤْتُوا	یہاں تک کہ لوگ نماز قائم کریں اور زکوٰۃ
الزَّکٰوۃَ وَیَشْھَدُوْا اَنْ	ادا کریں اور گواہی دیں کہ اللہ کے سوا
لَّآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا	کوئی معبود نہیں ہے۔ وہ تنہا ہے اور
شَرِیْکَ لَہٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا	اس کے ساتھ کوئی شریک نہیں ہے
عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ فَاِذَا	اور یہ کہ محمدؐ اس کے بندے بھی ہیں اور
فَعَلُوْا ذٰلِکَ فَقَدِ اعْتَصَمُوْا	رسول بھی۔ جب وہ یہ شرطیں پوری
وَعَصَمُوْا دِمَآءَھُمْ وَاَمْوَالَھُمْ	کر دیں تو وہ محفوظ ہو گئے اور انہوں
اِلَّا بِحَقِّھَا وَحِسَابُھُمْ عَلَی	نے اپنی جانیں اور مال بچا لئے اِلّا آنکہ
اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ [1]	کوئی قانونی حق واقع ہو جائے۔ رہا

ان کے خلوص یا عدم خلوص) کا حساب تو وہ اللہ کے ذمے ہے

ایسے محسوس ہوتا ہے کہ شان و شوکت اور عظمت و اہمیت کی اسی ظاہری کمی کی تلافی کے لئے اسلام میں دونوں سالانہ تہواروں کو ان دو ارکانِ اسلام کے ساتھ ملحق کر دیا گیا ہے: یعنی عید الفطر رمضان المبارک کے متصلاً بعد اور عید الاضحیٰ حج بیت اللہ کے ساتھ۔

---

[1] یاد ہوگا کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ان ہی الفاظ سے استدلال کیا تھا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مانعینِ زکوٰۃ سے جنگ کے معاملے میں۔

عیدالاضحیٰ بلاشبہ حج ہی کی توسیع کی حیثیت رکھتی ہے اس لئے کہ حج اس اعتبار سے ایک طرح کی محدودیت کا حامل ہے کہ اس کے تمام مراسم و مناسک ایک متعین علاقے یعنی مکہ مکرمہ اور اس کے نواح ہی میں ادا کئے جاتے ہیں۔ اسی لئے اس کے ایک رکن یعنی اللہ کے نام پر جانوروں کی قربانی کو وسعت دے دی گئی ہے تاکہ اس میں روئے زمین پر بسنے والا ہر مسلمان شریک ہو جائے اور یہی عیدالاضحیٰ کی اصل حکمت ہے۔

سب جانتے ہیں کہ حج اور عیدالاضحیٰ دونوں حضرت ابراہیم علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کی شخصیت ہی کے گرد گھومتے ہیں جن کی تعظیم و تکریم روئے زمین کے بسنے والوں کی دو تہائی تعداد کرتی ہے اور ان دونوں کے مراسم و مناسک ان کی حیاتِ طیبہ کے بعض واقعات کی یادگار ہی کی حیثیت رکھتے ہیں۔

حضرت ابراہیم علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کے طویل سفرِ حیات کا خلاصہ اور لُبِّ لُباب اگر ایک لفظ میں بیان کیا جائے تو وہ ہے: امتحان و آزمائش جس کے لئے قرآن حکیم کی اپنی جامع اصطلاح "اِبْتِلاء" ہے، چنانچہ سورۂ بقرہ میں ان کی پوری داستانِ حیات کو ان چند الفاظ میں سمو دیا گیا ہے۔

وَ اِذِ ابْتَلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ (البقرۃ : ۱۲۴)	اور جب آزمایا ابراہیم کو اس کے رب نے بہت سی باتوں میں تو اس نے ان سب کو پورا کر دکھایا۔

واضح رہے کہ قرآن حکیم میں انسان کی حیاتِ دُنیوی کی اصل غرض و غایت ہی ابتلاء و آزمائش بیان کی گئی ہے۔ بفحوائے الفاظِ قرآنی:

۱۔ اَلَّذِیْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَیٰوةَ لِیَبْلُوَكُمْ اَیُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ؕ (الملک: ۲)	وہ جس نے پیدا کیا موت اور زندگی کو کہ تمہیں آزمائے کہ کون ہے تم میں سب سے اچھا عمل کے اعتبار سے۔
۲۔ اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ نَّبْتَلِیْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِیْعًاۢ بَصِیْرًا (الدھر: ۲)	ہم نے پیدا کیا انسان کو ملے جلے نُطفے سے آزمانے کو، لہٰذا بنایا ہم نے اسے سننے والا، دیکھنے والا۔

بقول علامہ اقبالؒ ؎

قلزمِ ہستی سے تو اُبھرا ہے مانندِ حباب — اس زیاں خانے میں تیرا امتحاں ہے زندگی

اور انسان کی فلاح و کامیابی کا دار و مدار اس پر ہے کہ وہ اپنے خالق حقیقی اور پروردگار حقیقی کی معرفت حاصل کرے اور اس کی محبت سے سرشار ہو جائے۔ جو گویا امتحان ہے اس کی عقل و خرد کا اور آزمائش ہے اس کے قلب سلیم اور فطرت سلیمہ کی ——— اور پھر پورے عزم و استقلال اور صبر و ثبات کے ساتھ قائم و مستقیم رہے اس کی اطاعتِ کلّی اور فرمانبرداریٔ کامل پر[1] جو گویا امتحان ہے اس کے عزم اور حوصلے کا اور آزمائش ہے اس کی سیرت کی پختگی اور کردار کی مضبوطی کی۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کو بھی سب سے پہلے اسی عقلِ سلیم اور فطرتِ سلیمہ کے امتحان سے سابقہ پیش آیا۔ انہوں نے ایک ایسے ماحول میں آنکھ کھولی جس میں ہر طرف کفر اور شرک کے گھٹا ٹوپ اندھیرے چھائے ہوئے تھے اور کہیں بتوں اور مورتیوں کی پوجا ہو رہی تھی تو کہیں ستاروں اور سیاروں کو پوجا جا رہا تھا اور سب سے بڑھ کر یہ کہ ایک مطلق العنان بادشاہ بھی خدائی حقوق (DIVINE RIGHTS) اور کلّی اختیارات کے دعووں کے ساتھ کوسِ لِمَنِ الملک بجا رہا تھا۔ گویا شرکِ اعتقادی اور شرکِ عملی دونوں کے دل بادل ظُلُمٰتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ کی شان کے ساتھ چھائے ہوئے تھے اور توحید کی کوئی کرن کہیں نظر نہ آتی تھی۔ اس ماحول میں آنکھ کھولنے اور پرورش پانے والے نوجوان نے جب یہ نعرہ لگایا کہ

اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ	میں نے تو اپنا رُخ پھیر دیا اس ذات
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا وَّمَآ	کی طرف جس نے پیدا کیا ہے آسمانوں
اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ (الانعام:۷۹)	اور زمین کو، ہر طرف سے یکسو ہو کر، اور

---

[1] یہی وجہ ہے کہ سورۂ بقرہ کی آیت ۱۳۱ میں حضرت ابراہیم کے کل کارنامۂ حیات کا خلاصہ بیان کیا گیا۔ لفظ 'اسلام' کے ذریعے جس کے معنی ہی حوالگیٔ کامل اور سپردگیٔ کلّی کے ہیں:

اِذْ قَالَ لَهٗ رَبُّهٗۤ اَسْلِمْ قَالَ	جب کہا اس کے رب نے اس
اَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ○	سے "حکم مان" فوراً کہا اس نے "میں نے

مانا حکم تمام جہانوں کے پروردگارِ حقیقی کا۔"

میں ہرگز اس کے ساتھ شرک کرنیوالا نہیں
تو کیا آسمان اور زمین وجد میں نہ آگئے ہوں گے اور کون و مکان میں ہلچل نہ مچ گئی ہوگی۔
بقول علامہ اقبالؒ ؎

عروجِ آدمِ خاکی سے انجم سہمے جاتے ہیں | کہ یہ ٹوٹا ہوا تارا مہ کامل نہ بن جائے

اور کیا " لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْ اَحْسَنِ تَقْوِیْمٍ " کی اس شہادت عظمیٰ پر ملاءِ اعلیٰ کی بزم " لامکاں " میں " میر محفل[1] " نے ایک بار پھر فتحمندانہ انداز میں نہ کہا ہوگا کہ۔
" اِنِّیْ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ "
اسی کو تعبیر فرمایا گیا سورۂ صٰفّٰت میں ان الفاظ میں کہ

اِذْ جَآءَ رَبَّهٗ بِقَلْبٍ سَلِیْمٍ (الصّٰفّٰت : ۸۴) — جب آیا وہؑ (ابراہیمؑ) اپنے رب کے پاس ایک قلب سلیم کے ساتھ

عقل و فطرت کی اس آزمائش اور معرفت رب کے اس امتحان میں کامیابی کے فوراً بعد شروع ہوگیا " استقامت[3] " کی جانچ پرکھ کا ایک طویل اور جاں گسل سلسلہ جس میں ہر لحظہ امتحان تھا، ہر آن ابتلاء۔ ایک جانب ایک نوجوان تھا اور دوسری جانب پوری سوسائٹی اور پورا نظام۔ گویا " کشاکشِ خس و دریا " کا دیدنی نظارہ ——! عزم و ہمت کا وہ کونسا امتحان تھا جو اسے پیش نہ آیا، صبر و ثبات کی وہ کونسی آزمائش تھی جس سے وہ دوچار نہ ہوا، حوصلۂ تحمل و برداشت اور جذبۂ ایثار و قربانی کی جانچ پرکھ کا وہ کونسا طریقہ تھا جو اس پر آزمایا نہ گیا۔ گھر سے وہ نکالا گیا، معبد میں اس پر دست درازی ہوئی، سرِ عام اس پر ہجوم کیا گیا، دربار میں اس کی پیشی ہوئی اور آگ میں وہ ڈالا گیا۔ بقول شاعر ؎

اس راہ میں جو سب پہ گذرتی ہے سو گذری | تنہا پسِ زنداں کبھی رسوا سرِ بازار!
کڑکے ہیں بہت شیخ سرِ گوشۂ منبر | گرجے ہیں بہت اہلِ حکم بر سرِ دربار

---

[1] خدا خود میرِ محفل بود اندر لامکاں خسروؔ | محمدؐ شمعِ محفل بود شب جائیکہ من بودم
[2] کیا یہ صوفیاء کی اصطلاح " سیر اِلَی اللّٰہ " کا قرآنی ماخذ نہیں ہے؟
[3] اِنَّ الَّذِیْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا ...... الخ (حٰمٓ السجدۃ: ۳۰)

لیکن نہ کبھی اس کے جوش اور ولولے میں کوئی کمی پیدا ہوئی نہ پائے ثبات میں کوئی لغزش! باپ سے " وَاهْجُرْنِي مَلِيًّا " کی غیظ آمیز جھڑکی کھا کر بھی وہ پورے ادب و احترام اور پورے حلم و وقار کے ساتھ یہ کہتا ہوا رخصت ہوا :

سَلَامٌ عَلَيْكَ ۖ سَأَسْتَغْفِرُ لَكَ	تم پر سلامتی ہو! میں اپنے پروردگار
رَبِّي ۖ إِنَّهُ كَانَ بِي حَفِيًّا ○ وَ	سے تمہارے لئے معافی کی درخواست
أَعْتَزِلُكُمْ وَمَا تَدْعُونَ مِن دُونِ	کروں گا۔ حقیقتاً وہ مجھ پر بڑا مہربان
اللَّهِ وَأَدْعُو رَبِّي عَسَىٰ أَلَّا	ہے اور میں اعلانِ برأت کرتا ہوں
أَكُونَ بِدُعَاءِ رَبِّي شَقِيًّا ○	تم سب سے بھی اور ان سے بھی جنہیں
(مریم : ۴۷ - ۴۸)	تم خدا کو چھوڑ کر پکارتے ہو اور میں تو

پکاروں گا صرف اپنے پروردگار ہی کو ـــــ مجھے یقین ہے کہ میں اس کو پکار کر بے نصیب نہ رہوں گا!

دربار میں پیشی ہوئی تو ؎

نہ لا وسواس دل میں جو ہیں تیرے دیکھنے والے سرِ مقتل بھی دیکھیں گے چمن اندر چمن ساقی

کے مصداق خدائے واحد و قہار کے پرستار نے دنیوی شان و شوکت، جاہ و جلال اور دبدبے اور طنطنے کو ذرہ بھر بھی خاطر میں نہ لاتے ہوئے شہنشاہ وقت کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر اعلان کیا:

رَبِّيَ الَّذِي يُحْيِي وَيُمِيتُ	میرا رب وہ ہے جو جِلاتا ہے اور
(البقرۃ : ۲۵۸)	مارتا ہے۔

اور جب ربوبیت و اُلوہیت کے مدعیٔ مغرور نے مناظرانہ رنگ میں کہا:

أَنَا أُحْيِي وَأُمِيتُ	مجھے بھی زندہ رکھنے یا مار دینے کا
	اختیار حاصل ہے۔

تو پوری جرأتِ رندانہ اور شانِ بے باکانہ کے ساتھ ترکی بہ ترکی جواب دیا:

فَإِنَّ اللَّهَ يَأْتِي بِالشَّمْسِ مِنَ	تو اللہ سورج کو مشرق سے نکالتا ہے
الْمَشْرِقِ فَأْتِ بِهَا مِنَ الْمَغْرِبِ	تجھ میں کچھ اُلوہیت ہے تو اسے مغرب
(البقرۃ : ۲۵۸)	سے طلوع کر کے دکھا۔

نتیجۃً اس کا فرمردود مستمی نمرود کے پلّے سوائے مرعوبی و مبہوتی کے اور کچھ نہ رہا۔
اور پھر جب پوری قوم، پوری سوسائٹی اور پورے نظام باطل نے اپنی شکست پہ جھنجلا کر اسے آگ کے ایک بڑے الاؤ میں ڈالنے اور جلا کر راکھ کر دینے کا فیصلہ کیا تب بھی اس کے عزم اور ارادے میں کوئی تزلزل نہ آیا اور عشق کی اس بلند پروازی پہ وہ عقل بھی انگشت بدنداں رہ گئی جس نے ابتداءً اسے خود ہی اس راہ پہ ڈالا تھا ؎

بے خطر کود پڑا آتشِ نمرود میں عشق　　عقل ہے محوِ تماشائے لبِ بام ابھی

اور جب خدائے علیم و قدیر نے اسے آگ سے معجزانہ طور پہ زندہ و سلامت نکال لیا تو اس نے یہ کہتے ہوئے کہ

اِنِّیْ ذَاهِبٌ اِلٰی رَبِّیْ سَیَهْدِیْنِ ۝　　میں اپنے رب کی طرف ہجرت کر رہا ہوں۔
(الصّٰفّٰت : ۹۹)　　یقیناً وہ مجھے راہ یاب کرے گا

گھر بار اور ملک و وطن سب کو خیر باد کہا اور آباء و اجداد کی سرزمین کو بحسرت و یاس دیکھتا ہوا وہ اَن دیکھی منزل کی جانب روانہ ہو گیا تاکہ صرف خدائے واحد کی پرستش کر سکے اور محض اسی کے نام کا کلمہ پڑھ سکے! حالانکہ اب زندگی کے اس دور کا آغاز ہو چکا تھا جس میں جوانی کا زور ٹوٹتا سا محسوس ہونے لگتا ہے اور کہولت کے آثار شروع ہو جاتے ہیں! بقولِ حالی ؎

ضعفِ پیری بڑھ گیا، جوشِ جوانی گھٹ گیا　　اب عصا بنوائیے نخلِ تمنا کاٹ کر!!

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ہجرت کے بعد کی پوری زندگی مسلسل مسافرت و مہاجرت کی داستان ہے۔ آج شام میں ہیں تو کل مصر میں، پرسوں شرقِ اردن میں ہیں تو اگلے روز حجاز میں، کوئی فکر ہے تو صرف اس کی اور دھن ہے تو محض یہ کہ توحید کا کلمہ سربلند ہو اور دعوتِ توحید کے لئے جابجا مراکز قائم ہو جائیں۔ اپنی ان کوششوں میں وہ اس بوڑھے باغبان سے نہایت گہری مشابہت رکھتے ہیں جو جابجا اپنے لئے نہیں بلکہ آنے والی نسلوں کے لئے باغ لگاتا پھر رہا ہو۔

جب بڑھاپے کے آثار کچھ زیادہ ہی طاری ہوتے محسوس ہوئے اور ادھر یہ نظر آیا کہ اولاد سے تا حال محرومی ہے تو فکر دامن گیر ہوئی کہ میرے بعد اس مشن

کو کون سنبھالے گا۔ وطن سے ایک بھتیجے نے ان کے ساتھ ہی ہجرت کی تھی جسے شرقِ اردن میں دعوتِ توحید کی علمبرداری سونپ دی تھی۔ اللہ سے دعا کی "رَبِّ هَبْ لِي مِنَ الصّٰلِحِيْنَ" (الصّٰفّٰت:۱۰۰) "پروردگار نیک وارث عطا فرما!" اور اللہ کی شان کہ خالص معجزانہ طور پر چھیاسی برس کی عمر میں اللہ نے ایک چاند سا بیٹا عطا فرما دیا اور وہ بھی ایسا جسے خود اللہ نے "غلامٌ حلیم" قرار دیا۔

جیسے جیسے بیٹا بڑا ہوتا گیا گویا بوڑھے باپ کا نخلِ تمنا دوبارہ ہرا ہوتا گیا، یہ اندازہ لگانا کچھ مشکل نہیں کہ کیسی جذباتی وابستگی بوڑھے باپ کو اس بیٹے سے ہو گی اور کیسی امیدیں اس نے اپنے دل میں اس کے ساتھ وابستہ کر لی ہوں گی، بیٹا برابر کا ہونے کو آیا تو گویا باپ کا دستِ بازو بن گیا اور دونوں نے مل کر توحید کے عظیم ترین مرکز یعنی کعبۃ اللہ کی دیواریں اٹھائیں جسے قرآن نے "البیت العتیق" بھی قرار دیا اور "اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ" کا مصداق بھی۔

یہ مقدس معمارانِ حرم جن جذبات کے ساتھ تعمیر کر رہے تھے ان کی عکاسی قرآن حکیم کی ان آیات میں تمام و کمال کی گئی ہے۔

وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ	اور جب ابراہیم اور اسمٰعیل بیت اللہ کی دیواریں
الْبَيْتِ وَاِسْمٰعِيْلُ ؕ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ؕ	اٹھا رہے تھے (تو کہتے جاتے تھے) پروردگار
اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا	ہمارے (قبول فرما ہم سے (ہماری یہ خدمت)
مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً	یقیناً تو سب کچھ سننے والا بھی ہے اور سب
مُّسْلِمَةً لَّكَ ۪ (البقرہ ۱۲۷-۱۲۸)	کچھ جاننے والا بھی۔ اور اے رب ہمارے

بنائے رکھ ہم دونوں کو اپنا فرمانبردار، اٹھا ہماری اولاد میں سے ایک فرمانبردار امت۔

ادھر بوڑھا باپ اپنے جوان ہوتے ہوئے بیٹے کو دیکھ دیکھ کر جی رہا تھا ادھر قدرت مسکرا رہی تھی۔ اس کے ترکشِ امتحان میں ابھی ایک تیر باقی تھا۔ دل کو چھید جانے والا اور جگر سے پار ہو جانے والا تیر! گویا ابھی آخری آزمائش باقی تھی، محبت اور جذبات کی آزمائش، اور ایک امتحان باقی تھا، امیدوں، آرزوؤں اور تمناؤں کا امتحان۔

حکم ہوا اپنے بیٹے کو قربان کر دو۔ زمین پر سکتہ طاری ہو گیا، آسمان لرز اٹھا لیکن نہ بوڑھے باپ کے پائے ثبات میں کوئی لغزش پیدا ہوئی نہ نوجوان بیٹے کے صبر و تحمل میں میں کوئی لرزش! دونوں نے سرِ تسلیم خم کر دیا۔ بقول سرمد:

سرمد گلہ اختصار می باید کرد — یک کار ازیں دو کار می باید کرد
یا سر برضائے دوست می باید داد — یا قطعِ نظر ز یار می باید کرد

یہ دوسری بات ہے کہ عین آخری لمحے پر رحمت خداوندی حکمت امتحان پر غالب آگئی اور بوڑھے باپ کی امتحان میں کامیابی کا اعلان کر دیا گیا بغیر اس کے کہ وہ اپنے اکلوتے بیٹے کا ذبح شدہ لاشہ فی الواقع اپنی آنکھوں سے دیکھے۔
سورہ الصّٰفّٰت میں کتنے قلیل الفاظ میں صورتِ حال کی کتنی مکمل تصویر کھینچ دی گئی ہے:

فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ قَالَ يٰبُنَيَّ اِنِّيْٓ اَرٰى فِي الْمَنَامِ اَنِّيْٓ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰى ۭ قَالَ يٰٓاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ۡ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَاۗءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ ۝ فَلَمَّآ اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ ۝ وَنَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ ۝ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا ۚ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰۗـؤُا الْمُبِيْنُ ۝

توجب وہ (بیٹا) اس (باپ) کیساتھ بھاگ دوڑ کرنے کے قابل ہوا تو اس نے کہا "میرے بچے! میں خواب میں دیکھ رہا ہوں کہ تمہیں ذبح کر رہا ہوں تو تمہاری کیا رائے ہے؟" اس نے جواب دیا "اباجان! کر گزریئے جو حکم آپ کو مل رہا ہے۔ آپ انشاءاللہ مجھے صابر ہی پائیں گے" پھر جب دونوں نے سرِ تسلیم خم کر دیا اور اس نے اسے پیشانی کے بل پچھاڑ دیا تو ہم نے پکارا "اے ابراہیم! (بس کر) تو نے خواب پورا کر دکھایا۔ ہم اسی طرح جزا دیا کرتے ہیں نیکو کاروں کو۔ یقیناً یہ ایک بہت بڑی آزمائش تھی۔" (الصّٰفّٰت: ۱۰۲ تا ۱۰۶)

گویا جس کا امتحان لیا جا رہا تھا اس نے ہمت نہ ہاری ممتحن ہی کو بس کرنا پڑی۔ جس نے نہ صرف یہ کہ اس وقت بیٹے کی جگہ مینڈھے کی قربانی بطور فدیہ قبول کر لی بلکہ اس کی یادگار کے طور پر ہمیشہ ہمیش کے لئے قربانی کا سلسلہ جاری فرما دیا بفحوائے الفاظِ قرآنی:

وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ ۝ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ۝

اور اس کے بدلے میں دی ہم نے ایک بڑی قربانی اور پیچھے رکھا ہم نے

(الصّٰفّٰت : ۱۰۷ - ۱۰۸) اس رچلن، پر، پچھلوں میں۔

اور اس طرح امتحان اور آزمائش کی ایک طویل داستان کمال کو پہنچی اور عقل و فطرت کی سلامتی اور سیرت و کردار کی پختگی کی کٹھن جانچ پرکھ اور جذبات و احساسات کے ایثار اور محبت کی قربانی کے مشکل امتحانات سے گذر کر اللہ کا ایک بندہ ایک طرف خُلّتِ الٰہی کی خلعت سے سرفراز ہوا اور دوسری طرف امامت الناس کے منصب پر فائز ہوا۔

سَلٰمٌ عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ ○ کَذٰلِکَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ ○ اِنَّہٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِیْنَ ○	سلام ہو ابراہیم پر! اسی طرح ہم بدلہ دیتے ہیں نیکوکاروں کو، یقیناً وہ ہمارے صاحب یقین بندوں میں سے تھا۔

اور بقول علامہ اقبال ؎

چوں می گویم مسلمانم، بلرزم کہ دانم مشکلاتِ لا الٰہ را!

گویا یہ ہے ایک سچے مسلمان کی زندگی کی کامل تصویر اور ایمانِ حقیقی کی صحیح تعبیر بقول مولانا محمد علی جوہر ؎

یہ شہادت گہِ الفت میں قدم رکھنا ہے لوگ آسان سمجھتے ہیں مسلماں ہونا

سورۂ حج میں حج کے دو ہی بنیادی ارکان کا ذکر ہے[1]۔ ایک اللہ کے نام پر جانوروں کی قربانی اور دوسرے طواف بیت اللہ اور ان میں سے بھی زیادہ زور اور تکرار و اصرار قربانی ہی پر ہے۔ بمصداق آیات مندرجہ ذیل:

وَاَذِّنْ فِی النَّاسِ بِالْحَجِّ یَاْتُوْکَ رِجَالًا وَّعَلٰی کُلِّ ضَامِرٍ یَّاْتِیْنَ مِنْ کُلِّ فَجٍّ عَمِیْقٍ ○ لِّیَشْھَدُوْا مَنَافِعَ لَھُمْ وَیَذْکُرُوا اسْمَ اللّٰہِ فِیْٓ اَیَّامٍ مَّعْلُوْمٰتٍ عَلٰی مَا رَزَقَھُمْ مِّنْۢ بَھِیْمَۃِ الْاَنْعَامِ ۚ فَکُلُوْا مِنْھَا وَاَطْعِمُوا الْبَآئِسَ الْفَقِیْرَ ○ ثُمَّ لْیَقْضُوْا تَفَثَھُمْ وَلْیُوْفُوْا نُذُوْرَھُمْ وَلْیَطَّوَّفُوْا	اور صدا لگا لوگوں میں حج کے لئے کہ آئیں تیرے پاس پاپیادہ یا دور دراز سے گہری وادیوں میں سے ہو کر آنے والے دُبلے اونٹوں پر۔ تاکہ حاضر ہوں اپنے منافع کے مقامات پر اور لیں اللہ کا نام معیّن دنوں میں، ان جانوروں کو ذبح کرتے ہوئے جو ہم نے ان کو دیئے ہیں۔ پھر کھاؤ ان میں سے خود بھی

---

[1] حج کے بقیہ مناسک کا تفصیلی بیان سورۂ بقرہ کی آیات ۱۹۶ تا ۲۰۳ میں ہے

بِالْبَيْتِ الْعَتِيقِ ۝
(الحج : ۲۷ تا ۲۹)

اور کھلاؤ بیکسوں اور محتاجوں کو بھی پھر وہ دور کریں اپنا میل کچیل، اور پوری کریں اپنی نذریں اور چکر لگائیں ہمارے قدیم گھر کا۔

۲ وَلِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنسَكًا لِّيَذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ عَلَىٰ مَا رَزَقَهُم مِّن بَهِيمَةِ الْأَنْعَامِ
(الحج : ۳۴)

اور ہر امت کے لیے مقرر کر دیا ہے ہم نے قربانی کا سلسلہ، تاکہ لیں نام اللہ کا ان چوپایوں کو ذبح کرتے ہوئے جو عطا کیے ہیں ہم نے ان کو۔

۳ وَالْبُدْنَ جَعَلْنَاهَا لَكُم مِّن شَعَائِرِ اللَّهِ لَكُمْ فِيهَا خَيْرٌ ۖ فَاذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ عَلَيْهَا صَوَافَّ ۖ فَإِذَا وَجَبَتْ جُنُوبُهَا فَكُلُوا مِنْهَا وَأَطْعِمُوا الْقَانِعَ وَالْمُعْتَرَّ ۚ كَذَٰلِكَ سَخَّرْنَاهَا لَكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝
(الحج : ۳۶)

اور کعبے کی نذر کے اونٹوں کو ہم نے تمہارے لئے اللہ کے شعائر میں سے ٹھہرایا ہے۔ اس میں تمہارے لئے بھلائی ہے، سو لو نام ان پر اللہ کا ان میں قطار میں کھڑا کر کے۔ پھر جب گر جائیں وہ کروٹ کے بل تو کھاؤ ان میں سے خود بھی اور کھلاؤ صابروں اور بیقراروں کو بھی! اسی طرح ہم نے دے دیا ہے ان کو تمہارے بس میں تاکہ تم شکر کرو اللہ کا

ان میں سے جہاں تک طواف بیت اللہ کا تعلق ہے ظاہر ہے کہ وہ تو صرف مکہ مکرمہ ہی میں ادا کیا جا سکتا ہے۔ البتہ قربانی کو عید الاضحیٰ کی صورت میں روئے زمین کے ان تمام لوگوں کے لئے عام کر دیا گیا جو اللہ کی اطاعت و فرمانبرداری کی راہ اختیار کر کے گویا ابراہیمؑ ہی کی معنوی ذرّیت میں شامل ہو گئے ہیں۔ قطع نظر اس سے کہ ان کا کوئی صلبی و نسلی تعلق ان سے ہے یا نہیں۔ چنانچہ ایک روایت کی رو سے جسے زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے امام احمد ابن حنبل اور امام ابن ماجہ رحمہما اللہ نے اپنی اپنی مسند میں نقل کیا ہے، آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا کہ "یا رسول اللہ! ان قربانیوں کی نوعیت کیا ہے؟" تو جواباً آپؐ نے ارشاد فرمایا "یہ تمہارے باپ ابراہیمؑ کی سنّت ہے!" ——— گویا بھیڑوں، بکریوں، گایوں اور اونٹوں کی قربانی اصلاً علامت کی حیثیت رکھتی

ہے اطاعت و فرمانبرداری اور تسلیم و انقیاد اور اس پر مداومت و استقامت کی اس روح کے لئے جو حضرت ابراہیم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی پوری شخصیت میں رچی بسی ہوئی تھی اور ان کی پوری زندگی میں جاری و ساری رہی تھی۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن حکیم میں متذکرہ بالا آیات کے متصلاً بعد ہی متنبہ فرمادیا گیا تھا کہ:

لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَآؤُهَا — اللہ تک نہیں پہنچتا ان قربانیوں کا گوشت یا خون

وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ (الحج:۳۷) — ہاں اس تک رسائی ہے تمہارے تقویٰ کی

یہ دوسری بات ہے کہ جس طرح ہم نے دین کے دوسرے تمام حقائق کو محض رسموں میں تبدیل کر کے رکھ دیا ہے جس کا مرثیہ کہا ہے علامہ اقبالؒ نے اس شعر میں کہ ؎

رہ گئی رسم اذاں روحِ بلالیؓ نہ رہی — فلسفہ رہ گیا تلقینِ غزالی نہ رہی

اسی طرح قربانی کی روح بھی آج نام نہاد مسلمانوں کی ایک عظیم اکثریت کے عمل ہی سے نہیں وہم و خیال سے بھی غائب ہو چکی ہے اور اب اس کی حیثیت بعض کے نزدیک محض ایک رسم کی ہے اور اکثر کے نزدیک اس سے بھی بڑھ کر صرف ایک قومی تہوار کی۔ یہی وجہ ہے کہ اگرچہ ہر سال پندرہ لاکھ سے بھی زائد کلمہ گو حج کرتے ہیں اور بلا مبالغہ کروڑوں کی تعداد میں جانوروں کی قربانی دی جاتی ہے لیکن وہ روحِ تقویٰ کہیں نظر نہیں آتی جس کی رسائی اللہ تک ہے! بقول علامہ اقبال مرحوم

رگوں میں وہ لہو باقی نہیں ہے — وہ دل، وہ آرزو باقی نہیں ہے

نماز و روزہ و قربانی و حج — یہ سب باقی ہے، تو باقی نہیں ہے

کاش کہ ہم جرأت کے ساتھ موجودہ صورتِ حال کا صحیح تجزیہ کر سکیں اور اصل روحِ قربانی کو اپنی شخصیتوں میں جذب کرنے پر کمر ہمت کس لیں، اور عیدِ قربان پر جب اللہ کے لئے ایک بکرا یا دنبہ ذبح کریں تو ساتھ ہی عزم مصمم کر لیں کہ اپنا تن، من، دھن اسی کی رضا پر قربان کر دیں گے ـــــ گویا بقولِ شاعر ؎

"میرا سب کچھ میرے خدا کا ہے"

اور بمصداق الفاظِ قرآنی:

إِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝
لَا شَرِيْكَ لَهٗ ۚ وَبِذٰلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا أَوَّلُ الْمُسْلِمِيْنَ ۝

سیرت وسوانح

حکیم الاُمت حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ (۲)

—— عبد الرشید عراقی ——

حدیث وسنت کے ضمن میں حضرت شاہ صاحبؒ کی تجدیدی مساعی

حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ نے حدیث کی ترویج واشاعت اور احیاء سنت کے سلسلہ میں جو عظیم تجدیدی کارنامہ سرانجام دیا وہ ان کی کتاب زندگی کا ایک اہم اور روشن باب ہے۔ حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ نے حدیث وسنت کے سلسلہ میں جو روشن خدمات سرانجام دیں اس کے تذکرہ سے پہلے ضروری ہے کہ یہ واضح کیا جائے کہ حدیث کا دین اسلام میں کیا مقام ہے۔ مولانا سید ابوالحسن علی ندوی کی ایک تحریر سے حدیث کا صحیح مقام واضح ہوتا ہے۔ مولانا ابوالحسن علی ندوی لکھتے ہیں:

"حدیثِ نبوی ایک ایسی صحیح میزان ہے جس میں ہر دور کے مصلحین و مجددین اس امت کے اعمال وعقائد، رجحانات وخیالات کو تول سکتے ہیں، اور امت کے طویل تاریخی وعالمی سفر میں پیش آنے والے تغیرات وانحرافات سے واقف ہو سکتے ہیں۔ اخلاق واعمال میں کامل اعتدال وتوازن اس وقت تک پیدا نہیں ہو سکتا جب تک قرآن وحدیث کو بیک وقت سامنے نہ رکھا جائے۔ اگر حدیث نبویؐ کا وہ ذخیرہ نہ ہوتا جو معتدل، کامل ومتوازن زندگی کی صحیح نمائندگی کرتا ہے، اور وہ حکیمانہ نبویؐ تعلیمات نہ ہوتیں، اور یہ احکام نہ ہوتے جن کی پابندی رسول اللہ ﷺ نے اسلامی معاشرہ سے کرائی، تو یہ امت افراط وتفریط کا شکار ہو کر رہ جاتی، اور اس کا توازن برقرار نہ رہتا، اور وہ عملی مثال نہ موجود رہتی جس کی اقتداء کرنے کی خدا تعالیٰ نے اپنے اس فرمان میں ترغیب دی ہے:

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ (الاحزاب ۲۱)

"یقیناً تمہارے لئے رسول اللہ (ﷺ) کی ذات اسوۂ حسنہ ہے۔"

اور یہ فرما کر آپؐ کے اتباع کی دعوت دی ہے:

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ (آل عمران:۳۱)

"آپ کہہ دیجئے کہ اگر تمہیں اللہ سے محبت ہے تو میری اتباع کرو' اللہ تم سے محبت کرے گا' اور تمہارے گناہ بخش دے گا۔"

یہ ایک ایسا عملی نمونہ ہے جس کی انسان کو ضرورت ہے' اور جس سے وہ زندگی اور قوت و اعتماد حاصل کر سکتا ہے' اور یہ اطمینان کر سکتا ہے کہ دینی احکام کا زندگی پر نفاذ نہ صرف آسان' بلکہ ایک امر واقعہ ہے۔

حدیثِ نبوی ﷺ زندگی' قوت اور اثر انگیزی سے بھرپور ہے' اور ہمیشہ اصلاح و تجدید کے کام' فساد اور خرابیوں اور بدعتوں کے خلاف صف آرا اور برسرجنگ ہونے اور معاشرہ کا احتساب کرنے پر ابھارتی رہی ہے' اور اس کے اثر سے ہر دور اور ہر ملک میں ایسے افراد پیدا ہوتے رہے جنہوں نے اصلاح و تجدید کا جھنڈا بلند کیا' کفن بردوش ہو کر میدان میں آئے' اور بدعتوں و خرافات اور جاہلی عادتوں سے کھلی جنگ کی' اور دین خالص اور صحیح اسلام کی دعوت دی۔ اسی لئے حدیث نبوی امتِ اسلامیہ کے لئے ایک ناگزیر حقیقت اور اس کے وجود کے لئے ایک لازمی شرط ہے۔ اس کی حفاظت' ترتیب و تدوین' حفظ اور نشر و اشاعت کے بغیر امت کا یہ دینی و ذہنی' عملی و اخلاقی دوام و تسلسل برقرار نہیں رہ سکتا تھا۔" (حدیث کا بنیادی کردار ص ۳۷۔۳۸)

سنت نبوی ﷺ اور حدیث نبویؐ کے مجموعے ہمیشہ اصلاح و تجدید اور امتِ اسلامیہ میں صحیح اسلامی فکر کا سرچشمہ رہے ہیں۔ مجددینِ امت نے ہمیشہ اپنے تجدیدی مشن کے لئے سنت نبوی اور حدیث نبوی کو اپنے سامنے رکھا اور اشاعت اسلام' توحید و سنت کی

ترقی و ترویج، شرک و بدعت کا استیصال اور بدعات و محدثات کے خاتمہ کے لئے حدیثِ نبوی ﷺ کو استعمال کیا۔ اور جب علمائے اسلام نے حدیث نبوی ﷺ سے اپنا تعلق کم کیا تو اسلامی معاشرہ میں کجی پیدا ہوئی، بدعتوں کا اضافہ ہوا، اور ایسی رسومات رواج پذیر ہوئیں جن کا سنت اور حدیث میں کوئی ثبوت نہیں۔

حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ نے اپنی تجدیدی مساعی میں حدیث نبوی کو پیش نظر رکھا اور وہ اپنے مشن میں کما حقہ، کامیاب ہوئے۔ مولانا ابوالحسن علی ندوی لکھتے ہیں:

"اگر علمائے اسلام کی دسترس میں کتبِ حدیث نہ ہوتیں، اور سنتوں اور بدعتوں میں تفریق و امتیاز کا یہ معتبر و سہل ذریعہ نہ ہوتا تو شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ (م ۷۲۸ھ) کے عہد سے حکیم الاسلام شاہ ولی اللہ صاحبؒ (م ۱۱۷۶ھ) کے عہد تک معلمینِ امت اور دین خالص کے مبلغین کا یہ سلسلہ وجود میں نہ آتا، اور مصلحینِ روزگار اور تصحیح عقائد و اصلاحِ رسوم کے علمبردار نظر نہ آتے۔ (تاریخ دعوت و عزیمت، ج ۵ ص ۱۷۵)

حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ نے حدیث کی نشر و اشاعت کے لئے جو خدمات انجام دیں ان کے ضمن میں وہ فرماتے ہیں:

"پہلی چیز جس کو عقل اپنے اوپر واجب قرار دیتی ہے، یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ کے حالات و ارشادات کا تتبع کیا جائے کہ آپ ﷺ نے احکام الٰہی کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا اور کس طرح ان پر عمل کیا، پھر قلب و جوارح سے ان اقوال و احوال کی پیروی کی جائے، اس لئے کہ ہماری گفتگو اس شخص کے بارے میں ہے جس نے یہ حقیقت تسلیم کرلی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو اپنے احکام کا مکلّف بنایا ہے، اور اس شخص نے تکلیفِ شرعی کی اس ذمہ داری سے عہدہ برآ ہونے کا عزم مصمم کرلیا ہے۔"

(کلمات طیبات، ص ۱۷۲)

حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ نے حدیث اور متعلقاتِ حدیث پر جو کتابیں تصنیف کیں، ان کی فہرست حسب ذیل ہے :

۱- المسوّٰی (موطا امام مالک کی عربی شرح)
۲- المصفیٰ (موطا امام مالک کی فارسی شرح)
۳- شرح تراجم ابواب صحیح بخاری
۴- مجموعہ رسائل اربعہ
۵- الفضل المبین فی المسلسل من حدیث النبی الامین

حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی فقہ ' حدیث اور درس حدیث میں جو طریقہ رائج کرنا چاہتے تھے وہ آپ نے وضاحت کے ساتھ المسویٰ اور المصفیٰ میں بیان کیا ہے۔ المسویٰ اور المصفیٰ کے مطالعہ سے حدیث سے متعلق حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ کے علمی تبحر کا اندازہ ہوتا ہے۔ آپ موطا امام مالک کے بے حد قائل اور اس کے درس حدیث کے پرجوش داعی ہیں۔ آپ صحاح ستہ میں سنن ابن ماجہ کی بجائے موطا امام مالک کو شمار کرتے ہیں۔ آپ اپنے وصیت نامہ میں تحریر فرماتے ہیں :

"جب عربی زبان پر قدرت حاصل ہو جائے اور موطا کے اس نسخہ کو جو یحییٰ بن یحییٰ مصمودی کی روایت سے ہے' پڑھائیں۔ ہرگز اس سے پہلو تہی نہ کریں کہ وہ علم حدیث کی اصل ہے' اور اس کا پڑھنا بڑے فیوض کا حامل ہے' ہم کو مکمل موطا کی سماعت مسلسل طریقہ پر حاصل ہے۔"

(وصیت نامہ فارسی' ص ۱۱)

موطا امام مالک کی عظمت کے ساتھ ساتھ حضرت شاہ ولی اللہ حضرت امام مالکؒ کی عظمت کے بھی قائل ہیں۔ موطا امام مالک کو حدیث کی اساسی کتابوں میں مانتے ہیں۔ (مقدمہ مصفیٰ' ص ۲)

آپ حضرت امام شافعیؒ کے علم، تبحر کے بھی بڑے مداح ہیں۔

(قرۃ العینین' ص ۲۴۲)

اور حضرت امام احمد بن حنبلؒ کے بارے میں فرماتے ہیں:

"ان فقہاء و محدثین میں سب سے عالی مرتبہ' وسیع الروایہ' حدیث سے باخبر

اور تفقہ میں عمیق امام احمد بن حنبل، پھر اسحاق بن راہویہ ہیں۔"

(حجتہ اللہ البالغہ، ج ۱، ص ۱۵)

مولانا سید ابوالحسن علی ندوی حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ کے مجددانہ کارناموں کے ضمن میں، جو آپؒ نے حدیث نبوی ﷺ کے سلسلہ میں سرانجام دیئے، لکھتے ہیں:

"حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ کے مجددانہ کارناموں میں ایک کارنامہ اور خدمتِ حدیث اور انتصار لِلسّنۃ ہی کے سلسلۂ زریں کی ایک اہم کڑی ان کی فقہ و حدیث میں تطبیق کی اور پھر مذاہب اربعہ میں جمع و تالیف کی کوشش تھی۔ اس سے بشارت نبوی ﷺ کی تصدیق ہوتی ہے، جس میں کہا گیا تھا کہ "تم سے خدا اس امت کی شیرازہ بندی کے ایک خاص نوع کا کام لے گا۔" (تاریخ دعوت و عزیمت، ج ۵ ص ۱۹۸)

شاہ صاحبؒ کی تجدیدی مساعی، حجتہ اللہ البالغہ کی روشنی میں

حجتہ اللہ البالغہ حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ کی مشہور تصنیف ہے۔ اس کتاب میں آپ نے حکمتِ تشریع، حدیث، فقہ، تصوف، اخلاق، فلسفہ، جملہ علوم پر بحث کی ہے۔ محی السنہ مولانا سید نواب صدیق حسن خانؒ حجتہ اللہ البالغہ کے بارے میں لکھتے ہیں:

در فن خود غیر مسبوق الیہ واقع شدہ و مثل آں دریں ۱۲ صد سال ہجرت از ہیچ یکے از علمائے عرب و عجم تصنیفے بوجود نیامدہ، و من جملہ تصانیف مؤلفش مرضی بودہ امت وفی الواقع بیش از اں ست کہ وصفش تواں نوشت۔

(اتحاف النبلاء، ص ۱۷)

حجتہ اللہ البالغہ میں حضرت شاہ ولی اللہؒ نے شریعت کے حقائق و اسرار بیان کئے ہیں اور بتایا ہے کہ دین اسلام کے جو عقائد ہیں ان میں کیا کیا مصلحتیں ہیں۔ حضرت شاہ ولی اللہؒ نے اس کتاب میں عقائد سے لے کر عبادات، معاملات، احسان و تزکیہ، مقامات و احوال کسبِ معیشت کے طرق، تبرع و تعاون، تدبیر منزل، خلافت، قضاء، جہاد، آدابِ طعام، آدابِ صحبت، معاشرت اور آخر میں فتن، حوادث مابعد اور علامات قیامت کی احادیث

سے بحث کی ہے۔ غرض اس کتاب میں دین کے تمام شعبوں یہاں تک کہ اخلاق اور تزکیۂ نفس و احسان تک کی ترجمانی کی گئی ہے۔ حجتہ اللہ البالغہ کی طرز کی کتاب کسی دوسرے مذہب میں نہیں ہے۔ اس میں دین و نظامِ شریعت کا ایک جامع' مربوط اور مدلل نقشہ پیش کیا گیا ہے۔

شاہ صاحبؒ کی تجدیدی مساعی 'ازالۃ الخفاء... کی روشنی میں

حجتہ اللہ البالغہ کے بعد حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی کی معرکۃ الآراء کتاب "ازالۃ الخفاء عن خلافۃ الخلفاء" ہے۔ اس میں خلافتِ راشدہ کی تاریخ و توثیق اور شیعیت کی تردید کی گئی ہے۔ یہ کتاب اپنے موضوع پر منفرد اور یگانہ کتاب ہے۔ پوری کتاب وجد آفریں اور ولولہ انگیز علمی اور ذوقی نکات سے لبریز ہے۔ مولانا عبدالحی لکھنوی نے لکھا ہے کہ حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی کی یہ کتاب اپنے موضوع کے اعتبار سے بے نظیر اور عدیم المثال ہے۔

(التعلیق الممجّد' ص ۲۵)

حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ نے اس کتاب میں تاریخ خلفائے راشدین کے علاوہ اختلافِ امت کا خاتمہ اور سیاست و تمدن پر بھی بحث کی ہے' خلافت کی تعریف کی ہے' اور قرآن مجید سے خلفائے راشدین کی خلافت کا ثبوت فراہم کیا ہے۔ اس کے ساتھ اس کتاب میں خلفائے راشدین کے فضائل و مناقب بیان کئے ہیں' اور حضرت عمر فاروقؓ کے مذہب' فتاویٰ اور احکام پر کافی مواد فراہم کیا ہے جس سے ایک پوری فقہ فاروقی سامنے آگئی ہے۔ اس کتاب کی ایک بڑی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں اسلام کی دینی تاریخ اور ذہنی و مذہبی انقلاب و تغیر کا ایک خاکہ بھی پیش کر دیا گیا ہے۔

(جاری ہے)

قرآن حکیم کی مقدس آیات اور احادیث نبوی آپ کی دینی معلومات میں اضافے اور تبلیغ کے لئے اشاعت کی جاتی ہیں۔ ان کا احترام آپ پر فرض ہے۔ لہذا جن صفحات پر یہ آیات درج ہیں ان کو صحیح اسلامی طریقے کے مطابق بے حرمتی سے محفوظ رکھیں۔

لغاتِ واعرابِ قرآن (۵۳)
پروفیسر حافظ احمد یار

سورۃ البقرۃ

آیت ۵۷

ملاحظہ: کتاب میں حوالہ کے لیے قطعہ بندی (پیراگرافنگ) میں بنیادی طور پر تین ارقام (نمبر) اختیار کیے گئے ہیں سب سے پہلا (دائیں طرف والا) ہندسہ سورۃ کا نمبر شمار ظاہر کرتا ہے اس سے اگلا (درمیانی) ہندسہ اس سورۃ کا قطعہ نمبر (جو زیر مطالعہ ہے اور جو کم از کم ایک آیت پر مشتمل ہوتا ہے) ظاہر کرتا ہے۔ اس کے بعد والا (تیسرا) ہندسہ کتاب کے مباحثِ اربعہ (اللغۃ، الاعراب، الرسم اور الضبط) میں سے زیر مطالعہ مبحث کو ظاہر کرتا ہے یعنی علی الترتیب اللغۃ کے لیے ۱، الاعراب کے لیے ۲، الرسم کے لیے ۳ اور الضبط کے لیے ۴ کا ہندسہ لکھا گیا ہے بحث اللغۃ میں چونکہ متعدد کلمات زیر بحث آتے ہیں اس لیے یہاں حوالہ کی مزید آسانی کے لیے نمبر ۱ کے بعد قوسین (بریکٹ) میں متعلقہ کلمہ کا ترتیبی نمبر بھی دیا جاتا ہے مثلاً ۲:۵:۱(۳) کا مطلب ہے سورۃ البقرہ کے پانچویں قطعہ میں بحث اللغۃ کا تیسرا لفظ اور ۲:۵:۳ کا مطلب ہے سورۃ البقرہ کے پانچویں قطعہ میں بحث الرسم۔ وھکذا۔

۲:۳۶ وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَھُمْ يَظْلِمُوْنَ○

۲:۳۶:۱ اللغۃ

۲:۳۶:۱(۱) [وَظَلَّلْنَا] میں ابتدائی "وَ" عاطفہ بھی ہو سکتی ہے اور مستانفہ بھی [وَ] کے استعمالات اور معانی کے لیے چاہیں تو دیکھ لیجئے [۱:۴:۱(۳)] اور [۲:۷:۱(۱)]

اور" ظَلَلْنَا " کا مادہ " ظ ل ل " اور وزن " فَعَلْنَا " ہے۔

اس مادہ سے فعل مجرد " ظَلَّ یظَلُّ (دراصل ظَلِلَ یَظْلَلُ) ظَلاًّ (باب سمع سے) آتا ہے اور اس کے معنی ہیں: " رہنا، (دن بھر) رہنا، لگے رہنا، لگاتار رہنا، گزرنا، ہوا رہنا " یہ فعل لازم ہے اور زیادہ تر بطور فعل ناقص استعمال ہوتا ہے جیسے " ظَلَّ وجھُہ مُسْوَدًّا " (النحل: ۵۸) یعنی " اس کا چہرہ سیاہ ہوجاتا ہے اور رہتا ہے "۔ بطور فعل ناقص اس کی خبر کوئی اسم یا فعل مضارع ہوتا ہے اور (ظَلَّ) ماضی اور متعلقہ مضارع دونوں کی گردان (ماضی استمراری کی طرح) ساتھ ساتھ چلتی ہے۔ مثلاً کہیں گے " ظَلّ یکتب " ظلّوا یکتبون " وغیرہ۔

● اس فعل کے صرف ماضی کے صیغوں میں (مضارع میں نہیں) لام کلمہ (جو یہاں دوسرا " ل " ہے) کے ساکن ہونے والے (آخری نو) صیغوں میں عموماً صرف ایک ہی " لام " لکھا اور پڑھا جاتا ہے۔ یعنی " ظَلَلْنَ، ظَلَلْتَ، ظَلَلْنَا " وغیرہ کو ظَلْنَ، ظَلْتَ، ظَلْنا وغیرہ پڑھا جاتا ہے۔ اگرچہ اصلی شکل بھی استعمال ہوتی ہے بلکہ عین کلمہ والے (پہلے) لام کے گر جانے کی وجہ سے فعل اجوف کی طرح سے ان (نو) صیغوں میں فائے کلمہ (جو یہاں " ظ " ہے) کی کسرہ (ـِ) بھی پڑھی جاسکتی ہے یعنی " ظِلْنَ ظِلْتُ، ظِلْنَا " وغیرہ (خاف یخاف سے " خِفْتُ، خِفْنَا کی طرح)۔ تاہم ان (نو) صیغوں میں سے قرآن کریم میں " ظَلْتَ " اور " ظَلْتُم " ہی آتے ہیں (یعنی فائے کلمہ " ظ " کی فتحہ (ـَ) اور عین کلمہ ل کے حذف کے ساتھ) " ظَلْتَ علیہ عاکِفًا " (طٰہٰ: ۹۷) اور " ظَلْتُم تفکّھون " (الواقعہ: ۶۵) میں۔ قرآن کریم میں اس فعل مجرد سے فعل ماضی کے سات اور فعل مضارع کے صرف دو صیغے آئے آئے ہیں۔ اس کے علاوہ باب تفعیل سے ماضی کا ایک ہی صیغہ دو جگہ اور مشتق و ماخوذ اسماء اور مصادر (ظِلٌّ، ظُلَّةٌ، ظِلَال، ظُلَلٌ وغیرہ) ۲۲ مقامات پر وارد ہوئے ہیں ان کے معانی وغیرہ پر حسبِ موقع بات ہوگی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

● زیر مطالعہ لفظ " ظَلَّلْنَا " اس مادہ (ظلل) سے باب تفعیل کے فعل ماضی کا صیغہ جمع متکلم (المعظِّم نفسہ۔ یعنی صیغہ احترام و تعظیم) ہے۔ اس باب سے فعل " ظَلَّلَ . . . . یُظَلِّل تظلیلاً " کے معنی ہوتے ہیں . . . . پر سایہ کرنا . . . . کو ڈھانپ لینا " کہتے ہیں ظلّل فلانًا = أَظَلَّہٗ = غشِیَہٗ (فلاں پر سایہ کیا، اسے ڈھانپ لیا)۔ یہ فعل متعدی ہے اور اس کا مفعول بنفسہ (بغیر صلہ کے) آتا ہے۔ البتہ وضاحت کے لیے کوئی جار مجرور متعلق فعل ہو کر آتا ہے مثلاً کہیں گے " ظَلَّلَہ " (اس نے اس پر سایہ لیا) " بکذا " (فلاں چیز کے ساتھ) یا " مِنَ الشمس " (دھوپ سے بچانے کے لیے) یعنی

"ظَلَّلَهُ" ہی کہتے ہیں" ظلّل علیہ" نہیں کہتے اور نہ ہی اس فعل کے دو مفعول آتے ہیں۔

● عام معاجم (ڈکشنریوں) میں فعل "ظلّل" کے معنی اور طریق استعمال کے بارے میں یہی بیان کیا ہوتا ہے (جو اوپر بیان ہوا ہے)۔ مگر یہ معنی اس زیر مطالعہ آیت میں بلحاظ ترکیب فٹ نہیں بیٹھتے۔ کیوں؟ اس پر مزید بحث اور درست معنی کی بات ابھی آگے بحث "الاعراب" میں آئے گی۔ کیوں کہ اس کا تعلق لغت سے زیادہ ترکیب نحوی کے ساتھ ہے۔ تاہم اس (آنے والی) اعرابی بحث کو سمجھنے کے لیے یہ (بیان کردہ) لغوی بحث اور ڈکشنری والے معنی ذہن میں رکھیے گا۔ یہ صیغۂ فعل "ظلّلنا" قرآن کریم میں صرف دو جگہ آیا ہے یہاں (البقرہ: ۵۷) اور الاعراب: ۱۵۹ میں۔

[عَلَيْكُمْ] یعنی "تم پر" اس کا تعلق تو فعل "ظلّلنا" سے ہی ہے مگر یہ فعل اس "صلہ" (علی) کے ساتھ استعمال نہیں ہوتا۔ یعنی "تم پر سایہ کیا" ہم نے" کے لیے "ظلّلناکم" ہونا چاہیے تھا۔ اس کے لیے "ظلّلنا علیکم" نہیں کہتے کیونکہ (ابھی اوپر بیان ہوا ہے کہ) "ظلّل" کا مفعول بنفسہ آتا ہے۔ پھر یہاں ایسا کیوں ہے؟ اس سوال کا جواب بھی آپ کو آگے بحث "الاعراب" میں ملے گا۔

۲ : ۳۶ : ۱ (۲) [الغَمَامَ] کا مادہ "غ م م" اور وزن لامِ تعریف نکال کر "فَعَالٌ" ہے (یہاں الغام منصوب آیا ہے جس کی وجہ آگے الاعراب میں بیان ہوگی)۔

اس مادہ سے فعل مجرد مختلف ابواب سے مختلف معانی کے لیے استعمال ہوتا ہے بلکہ ایک ہی باب سے متعدد معانی کے لیے بھی آتا ہے۔ مثلاً:

① غمّ یغُمّ غمًّا (نصر سے) آتے تو اس کے معنی بطور فعل لازم "سخت گرم ہونا یا گرمی والا ہونا" ہوتے ہیں مثلاً کہتے ہیں "غَمَّ الیومُ (دن سخت گرم ہوگیا تھا)۔ اور اسی باب سے بطور فعل متعدی بھی استعمال ہوتا ہے بمعنی "۔۔۔۔ کو ڈھانپ لینا، ۔۔۔۔ کو چھپا لینا، ۔۔۔۔۔ پر چھا جانا" مثلاً کہتے ہیں "غَمَّ الشیئَ" (اس نے (اس) چیز کو ڈھانپ دیا)۔ اور اسی کے معنی "غمگین کرنا، غم میں ڈالنا" بھی ہوتے ہیں یعنی غَمَّه = حَزَنَه رنج کو "غم" (جو اردو میں بھی مستعمل ہے) کہنے کی وجہ یہی ہے کہ وہ ایک طرح سے ڈھانپ لیتا ہے۔

② غمّ یغَمّ غمَمًا (باب فتح سے) کا ایک مطلب "بادلوں کے درمیان خالی جگہ نہ ہونا" ہیں کہتے ہیں "غمّ السحابُ" (بادل گھنا تھا)۔ اور بصورت مجہول "غُمَّ الھلالُ" کے معنی ہیں "بادل یا دُھند وغیرہ کے باعث نیا چاند نظر نہ آنا" وغیرہ۔ تاہم قرآن کریم میں اس مادہ سے کسی قسم کا کوئی فعل (نہ مجرد نہ مزید فیہ) مطلقاً استعمال نہیں ہوا۔ البتہ اس مادہ (غمم) سے ماخوذ بعض جامد اسماء (غمّ، غُمّة،

غمامٌ وغیرہ) دس مقامات پر آتے ہیں۔

● زیرِ مطالعہ لفظ (الغمام) اسی مادہ سے ماخوذ ایک اسم جامد ہے (یعنی کسی معروف طریقے پر (مثلاً اسم الفاعل اسم المفعول وغیرہ کی طرح) مشتق اسم نہیں ہے اس کے معنی "سفید بادل" کے ہیں۔ اور مطلقاً بادل یا ابر کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے کہ وہ بھی آسمان کو ڈھانپ لیتا ہے اور برسے یا نہ برسے مگر سورج کی تپش اور دھوپ سے بچا لیتا ہے۔ ویسے "الغمام" اسم جنس ہے یعنی ہر وہ چیز جسے "بادل" یا "ابر" کہتے ہیں وہ "غمام" ہے۔ اس میں سے کسی بادل کے ایک حصے یا ٹکڑے کو تائے وحدت لگا کر "غمامۃ" کہتے ہیں۔

[وَاَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ] جو "وَ" (اور) + اَنْزَلْنَا (ہم نے اتارا) + علی (اوپر) + کم (تمہارے) سے مرکب ہے۔ اس میں فعل "اَنْزَلْنَا" کا مادہ "ن ز ل" اور وزن "اَفْعَلْنَا" ہے یعنی یہ اس مادہ سے بابِ افعال کے فعل "اَنْزَلَ یُنْزِلُ" (اتارنا، نازل کرنا) فعل ماضی کا صیغہ جمع متکلم ہے۔ اس مادہ سے فعل مجرد کے باب معنی اور استعمال کے علاوہ خود اس باب (افعال) کے معنی وغیرہ البقرہ:۴ [۲:۳:۱(۲)] میں بیان ہو چکے ہیں بیشتر اردو مترجمین نے "وانزلنا علیکم" کا ترجمہ "ہم نے تم پر اتارا" ہی سے کیا ہے بعض نے "اتارتے رہے" سے ترجمہ کیا ہے جو قصہ (واقعہ) کی مناسبت سے بامحاورہ ترجمہ ہے۔ بعض نے "تمہارے پاس پہنچایا" اختیار کیا ہے جو لفظ سے تو ہٹ کر ہے اسے تفسیری ترجمہ ہی کہہ سکتے ہیں۔

۲ : ۳۶ : ۱ (۳) [اَلْمَنَّ] کا مادہ "م ن ن" اور وزن "لام تعریف نکال کر (بحالت رفع) "فَعْلٌ" بنتا ہے اس مادہ سے فعل مجرد "مَنَّ یَمُنُّ" (دراصل مَنَنَ یَمْنُنُ) مَنًّا و مِنَّۃً" (باب نصر سے) آتا ہے۔ یہ فعل متعدی ہے اور اس کے متعدد معنی ہیں مثلاً (۱) (کسی پر) احسان کرنا کسی کے ساتھ انتہائی حسن سلوک کرنا" اس کا تعلق فعل اور عمل سے ہے یعنی عملاً احسان کرنا۔ (۲) اور اسی کے معنی "احسان جتلانا/ دھرنا کسی کے ساتھ کی ہوئی نیکی کا ذکر زبان پر لانا" اس کا تعلق قول اور بات سے ہوتا ہے ان (مندرجہ بالا) دونوں معنوں کے لیے اس فعل سے پہلے "علیٰ" کا صلہ آتا ہے یعنی "مَنَّہٗ" نہیں کہتے بلکہ "مَنَّ عَلَیْہِ" کہتے ہیں۔ اور قرآن کریم میں یہ فعل ان دونوں معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے جس کی مثالیں آگے چل کر ہمارے سامنے آئیں گی۔

(۳) اس فعل کے ایک معنی "... کو کاٹ دینا" بھی ہوتے ہیں مثلاً "مَنَّ الْحَبْلَ" = (اس نے رسی کاٹ دی)۔ اس معنی کے لیے اس فعل کے ساتھ مفعول بنفسہٖ (بغیر صلہ کے) آتا ہے جیسا کہ مثال

سے ظاہر ہے (۴) اسی فعل کے ایک معنی "فیاضی دکھانا، فیاض بننا یا عطا کرنا" بھی ہوتے ہیں۔ یہ فعل لازم کی طرح استعمال ہوتا ہے یا اس کے ساتھ "علیٰ" کے صلہ والا مفعول محذوف ہوتا ہے جیسے "فَامْنُنْ اَوْ اَمْسِكْ (ص : ۳۹) میں ہے۔

● قرآن کریم میں اس فعل مجرد سے مختلف صیغے ۱۴ جگہ آئے ہیں اور زیادہ تر "عَلیٰ" کے صلہ کے ساتھ۔ گیارہ جگہ تو یہ فعل ۱ (مندرجہ بالا) والے معنی (احسان کرنا، نعمت دینا) کے لیے آیا ہے۔ اور تین جگہ ۲ والے معنی (احسان جتلانا) میں آیا ہے اور دو جگہ یہ فعل بغیر کسی صلہ کے (بمعنی عطا کرنا) استعمال ہوا ہے اس مادہ سے مزید فیہ کے بعض ابواب سے کچھ افعال مختلف معانی کے لیے عربی زبان میں آتے ہیں تاہم قرآن کریم میں اس مادہ سے مزید فیہ کے کسی باب سے کوئی فعل استعمال نہیں ہوا۔ فعل مجرد کے صیغوں کے علاوہ اس مادہ سے مشتق اور ماخوذ کلمات (مَنٌّ، ممنون، منون وغیرہ) بھی گیارہ جگہ آئے ہیں جن پر حسب موقع بات ہوگی ان شاء اللہ تعالیٰ۔

● زیر مطالعہ لفظ "اَلْمَنّ" اسی مادہ سے ماخوذ ایک اسم جامد ہے جو بلحاظ وزن تو اس سے فعل مجرد کے مصدر "مَنٌّ" سے مشابہ ہے۔ مگر بلحاظ معنی اس سے مراد ایک خاص قسم کی میٹھی گوند کی قسم کی چیز ہے جو بنی اسرائیل کی صبح کی خوراک کے لیے صحرائے تیہ میں اتاری گئی۔ یہ شبنم یا اوس کی طرح درختوں کے پتوں یا پتھروں پر گرنے والا ایک سفوف (پاؤڈر) سا ہوتا تھا۔ جو خشک ہو کر گوند کی شکل اختیار کر لیتا تھا جسے لوگ جمع کر لیتے تھے اور خوراکی مقاصد کے لیے استعمال کرتے تھے۔

دیسی طب میں استعمال ہونے والی ایک دوا "شیر خشت یا ترنجبین" بھی قریباً اسی طرح حاصل ہوتی ہے۔ اس لیے اردو کے بعض مترجمین نے "المن" کا ترجمہ یہی (ترنجبین) کیا ہے۔ (بعض مفسرین مثلاً زمخشری نے بھی اس کی طرف اشارہ کیا ہے) تاہم بیشتر مترجمین نے اس کا ترجمہ "مَنّ" ہی رہنے دیا ہے۔ انگریزی میں بھی اس کے لیے لفظ (manna) ہی استعمال ہوتا ہے۔ بعض نے "مَن" کا ترجمہ "ایک قسم کی نباتات جو کھانے کے کام آتی ہے" سے کیا ہے۔ بعض حضرات نے "مَنّ" کے نام اور معنی میں یہ مناسبت نکالی ہے کہ نزول (یا حصول) "مَن" بھی اللہ کا ایک احسان تھا۔

● برسبیل تذکرہ: چند برس پہلے کی بات ہے کہ عراق کے شہر موصل سے ہمارے ایک عراقی دوست بطور تحفہ وہاں کی تیار کردہ ایک مٹھائی لائے تھے۔ جس کا مقامی نام بھی بقول ان کے "مَن" ہی تھا۔ انہوں نے بتایا کہ شمالی عراق میں (کسی خاص موسم میں) درختوں پر ایک خاص قسم کی سفید چیز آسمان سے (مثل شبنم) گرتی ہے۔ لوگ اسے جمع کر لیتے ہیں۔ اس کی نہایت صاف ستھری قسم جو درختوں سے

(ان کے پتے زمین پر گرنے سے پہلے ہی) حاصل کی جاتی ہے۔ وہ مذکورہ مٹھائی کی تیاری میں استعمال ہوتی ہے اس مٹھائی کا ذائقہ فی الواقع ہمارے ہاں چینی سے تیار ہونے والی بہتر سے بہتر مٹھائی سے بھی کہیں زیادہ بہتر اور ممتاز قسم کا تھا۔ بنی اسرائیل کا "من" بھی شاید کوئی اسی قسم کی چیز ہوگی۔ واللہ اعلم۔

۲ : ۳۶ : ۱ (۴) [وَالسَّلْوٰى] "وَ" عاطفہ بمعنی "اور" ہے۔

اور "السلوى" کا مادہ "س ل و" اور وزن 'لام تعریف کے بغیر' "فعلی" ہے۔ اس مادہ سے فعل مجرد "سَلَا يَسْلُوْ سُلُوًّا" (باب نصر سے) اور سَلِيَ يَسْلَى سُلِيًّا" (باب سمع سے) آتا ہے اور (دونوں صورتوں میں) اس کے معنی ہیں: "کسی کی یاد (یا اس کے فراق کا غم) دل سے نکال دینا، دلاسہ پانا"۔ یہ مادہ مزید فیہ کے بعض ابواب سے بھی مختلف معانی کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اور ہمارے ہاں اردو میں عام استعمال ہونے والا لفظ "تسلی" اسی مادہ سے باب تفعل کا مصدر ہے۔ (جس کی اصل عربی شکل "تسلّی" یا "التسلّی" ہے)۔ تاہم قرآن کریم میں اس مادہ (سلو) سے کسی قسم کے فعل (مجرد یا مزید فیہ) کا کوئی صیغہ کہیں استعمال نہیں ہوا۔

● لفظ "السلوى" اسی مادہ سے ماخوذ ایک کلمہ ہے جس کے معنی "کوئی غم غلط کرنے والی چیز" بھی ہوتے ہیں۔ بلکہ عربی میں العسل (شہد) کو بھی "السلوى" کہتے ہیں۔ اور "سَلْوٰى" ایک خاص قسم کے پرندے کو بھی کہتے ہیں جس کا اردو ترجمہ "بٹیر" کیا جاتا ہے۔ اسے عربی میں "سُمانیٰ" بھی کہتے ہیں اور شام (ملک) میں آج کل اسے "قَرْنیٰ" بھی کہتے ہیں اور غالباً وہی یہاں مراد ہے۔ "من" کی طرح صحرائے تیہ (جزیرہ نمائے سینا) میں بنی اسرائیل کے کیمپوں کے آس پاس جھاڑیوں میں یہ پرندے شام کے وقت بکثرت مل جاتے تھے جو بآسانی پکڑے جا سکتے تھے اور اسرائیلیوں کی خوراکی ضروریات پوری کرتے تھے۔ واللہ اعلم۔ "سلوى" کے نام اور معنی میں بھی ایک مناسبت "سامانِ تسلی" ہونے کی ہے۔

● اردو کے صرف ایک آدھ مترجم نے ہی اس کا ترجمہ "بٹیر" کیا ہے۔ ورنہ بیشتر حضرات نے اس کا ترجمہ کرنے کی بجائے اصل لفظ "سلوى" ہی رہنے دیا ہے اور "المن والسلوى" کا ترجمہ "من وسلوى" سے ہی کر لیا ہے جو اردو محاورے میں "اعلیٰ قسم کی خوراک" کے ہم معنی بھی ہے۔ لفظ "السلوى" قرآن کریم میں صرف تین جگہ آیا ہے۔ اس کے مادہ (سلو) سے ماخوذ یا مشتق اور کوئی لفظ قرآن میں وارد نہیں ہوا۔

[کُلُوْا] کا مادہ "ا ک ل" اور وزن اصلی "اُفْعُلُوْا" ہے اس کی اصلی شکل "اُأْکُلُوْا" تھی جسے قیاسًا (ہمزۂ متحرکہ مضمومہ کے ساتھ ہمزۂ ساکنہ آنے کے باعث) "اُوْکُلُوْا" ہوجانا چاہیے تھا۔ مگر خلافِ قیاس اس کے بارے میں عربوں کا طریقِ تلفظ یہ ہے کہ اس کے ابتدائی ہمزۃ الوصل اور فاء کلمہ والے ہمزۃ القطع دونوں کو تلفظ اور کتابت سے ساقط کر دیا جاتا ہے اور یوں اس کے فعل امر کی گردان "کُلْ، کُلَا، کُلُوْا، کُلِیْ، کُلَا اور کُلْنَ" رہ جاتی ہے۔ "کُلُوْا" کا ترجمہ ہے "تم کھاؤ"۔ اس مادہ (اکل) سے فعل مجرد (اَکَلَ یَاْکُلُ اَکْلًا = کھانا) کے باب معنی اور استعمال پر البقرہ: ۳۵ [۲:۲۶:۱(۴)] میں بات ہو چکی ہے۔

۲:۳۶:۱(۵) [مِنْ طَیِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰکُمْ] یہ عبارت کل پانچ کلمات پر مشتمل ہے یعنی مِنْ + طَیِّبات + ما + رزقنا + کم۔ ہر ایک کلمہ کی الگ الگ لغوی تشریح یوں ہے۔

① "مِنْ" کا ترجمہ یہاں "میں سے" ہوگا۔ اگر چاہیں تو "مِنْ" کے معنی اور استعمال کی مزید وضاحت کے لیے بحث استعاذہ اور البقرہ: ۳ [۲:۲:۱(۵)] پر نظر ڈال لیجئے۔

② "طَیِّبٰتِ" (یہ اس لفظ کا رسم املائی ہے رسم عثمانی پر آگے "الرسم" میں بات ہوگی) اس کا مادہ "ط ی ب" اور وزن اصلی، لام تعریف نکال کر (بصورتِ رفع) "فَیْعِلَاتٌ" بنتا ہے۔ اس کی اصلی شکل "طَیْیِبَاتٌ" تھی جس میں ساکن یاء متحرک یاء میں مدغم ہو کر لفظ "طَیِّبَات" بنتا ہے۔

● یہ لفظ (طیبات) جمع مؤنث سالم ہے اس کا واحد "طَیِّبَۃٌ" (بروزن "فَیْعِلَۃٌ") ہے جو "طَیِّبٌ" (بروزن "فَیْعِلٌ") کا صیغہ مؤنث ہے۔ عربی میں اجوف یائی سے (بلکہ واوی سے بھی) بہت سے کلمات اسی وزن اور اسی طرح ادغام سے (اور واوی میں "واو" بھی "یاء" میں بدل کر مدغم ہوجاتی ہے) بنتے ہیں مثلاً "بَیِّنٌ" (ب ی ن سے)، "ثَیِّبٌ" (ث ی ب سے)، "صَیِّبٌ" (ص و ب سے) اور "سَیِّدٌ" (س و د سے)۔ دیکھئے البقرہ: ۱۹ [۲:۱۴:۱(۲)]

● اس مادہ (طیب) سے فعل مجرد "طاب یطِیبُ طِیْبًا" (ضرب سے) آتا ہے اور اس کے متعدد معنی ہوتے ہیں: (۱) پاک صاف ہونا، عمدہ ہونا، مزیدار ہونا، خوشگوار ہونا، خوش خوش ہونا، شادمان ہونا" مثلاً کہتے ہیں " طاب الشیئُ / الرجلُ" (چیز/آدمی عمدہ/خوشگوار ہوگئی/ہوگیا)۔ یا "طابَتْ نَفْسُہٗ" (اس کی جان یعنی وہ خود خوش ہوگیا (یہ استعمال ایک دوسرے صیغے کے ساتھ الزمر: ۷۳ میں آیا ہے)۔ (۲) "کسی کو اچھا لگنا، پسند آنا، خوشگوار لگنا" اس معنی میں "کسی کے لیے جو لفظ آئے اس پر "لام" (ل) کا صلہ لگتا ہے، مثلاً کہیں گے " طاب لہ" (وہ اس کو اچھا لگا)۔ یہ استعمال بھی ایک

دوسرے صیغے کے ساتھ النساء: ۳ میں آیا ہے۔ (۳) "کسی چیز کو خوشی سے چھوڑ دینا" ان معنی کے لیے "اس چیز" (جو خوشی سے چھوڑ دی) سے پہلے "عَنْ" کا صلہ آتا ہے اور ساتھ "نفسًا" بطور تمیز آتا ہے۔ کہتے ہیں "طابَ عَنْہ نفسًا" (اس نے اسے اپنی مرضی سے چھوڑ دیا)۔ یہ استعمال بھی ایک دوسرے صیغے کے ساتھ النساء: ۴ میں آیا ہے۔ (۴) "کسی کی موافقت یا رضامندی پر تیار ہو جانا" اس کے لیے "کسی" سے پہلے "الی" یا "بِ" کا صلہ آتا ہے مثلاً کہیں گے "طابَتْ نفسُہ الیہ/ بہ" (اس کی جان یعنی وہ خود اس (فلاں) کے موافق ہو گیا)۔ یہ (۴) استعمال قرآن کریم میں نہیں آیا۔

● قرآن کریم میں اس فعل مجرد (طاب یطیب) سے صرف تین جگہ صیغہ ہائے فعل وارد ہوئے ہیں (ہر ایک کا حوالہ اوپر مذکور ہوا ہے)۔

اس مادہ سے عام عربی میں مزید فیہ کے بعض ابواب (اِفعال۔ مفاعلہ تفعیل تفعل اور استفعال وغیرہ) سے مختلف معانی کے لیے فعل استعمال ہوتے ہیں۔ تاہم قرآن کریم میں اس مادہ سے مزید فیہ کا کوئی فعل استعمال نہیں ہوا۔ فعل مجرد کے مذکورہ بالا تین صیغوں کے علاوہ اس مادہ سے ماخوذ یا مشتق متعدد کلمات (طوبیٰ۔ طیّبۃ۔ طیّب وغیرہ) پچاس کے قریب مقامات پر آئے ہیں۔ خود لفظ "طیبات" معرفہ نکرہ مفرد مرکب صورتوں میں ۳۰ جگہ آیا ہے۔

● جیسا کہ اوپر شروع میں بیان ہوا ہے۔ زیر مطالعہ لفظ "طیبات" طِیّبۃ کی جمع مؤنث سالم ہے اور "طِیّبۃ" "طِیّبٌ" کی تانیث ہے۔ اس لیے اگر لفظ "طِیّب" کے معنی معلوم ہوں تو دوسرے لفظوں کے معنی بھی سمجھے جا سکتے ہیں۔ اگرچہ کلمہ "طیبات" (بصورت جمع) اپنے بعض محاوراتی معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے (مثلاً زندگی کی راحتیں، آسائشیں) جیسے انگریزی میں "force" (قوت) بصورت جمع (forces) بمعنی "فوج" استعمال ہوتا ہے۔

● عربی زبان میں "طیّب" اس چیز کو کہتے ہیں جسے حواس خمسہ یا انسانی نفس (دل، دماغ، طبیعت) پسند کرے۔ جس میں برائی یا تکلیف کی کوئی چیز نہ ہو۔ یا جو آدمی رذائل سے پاک اور فضائل سے متصف ہو۔ ان معانی کے لحاظ سے اس (طیّب) کا ترجمہ حسب موقع "پاکیزہ۔ نیک۔ اچھا۔ بہت عمدہ۔ زرخیز۔ عفیف۔ صاف پاک۔ خوشگوار۔ لذیذ اور صحت مند" وغیرہ کی صورت میں کیا جا سکتا ہے۔

اور "طیبات" سے مراد وہ تمام چیزیں یا اشخاص یا اعمال ہیں جن پر ان صفات کا کسی طرح اطلاق ہو سکتا ہے یعنی جس میں کوئی حسی یا شرعی قباحت موجود نہ ہو۔ یہ لفظ بعض دفعہ مضاف ہو کر استعمال ہوتا ہے جیسے یہاں "طیبات ما رزقنٰکم" میں ہے (جس کی ترکیب نحوی آگے حصہ

"الاعراب" میں آرہی ہے) یا "طیبات ما کسبتم" (البقرہ : ۲۶۷) اور "طیباتِ ما احلّ اللّٰہ" (المائدہ : ۹۰) میں ہے (ان کا بیان اپنے موقع پر آئے گا) اس (اضافت والی) صورت میں یہ لفظ (طیبات) اپنے مضاف الیہ کے پاکیزہ و عمدہ اور پاک و صاف پہلوؤں یا اجزاء کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ بلکہ ایک طرح سے اس کی صفت بیان کرتا ہے اور یہ ایسے ہی ہے جیسے "ریشمی کپڑے" کو "ریشم کا کپڑا" کہہ دیں۔ مندرجہ بالا معانی کی بناء پر اردو مترجمین نے یہاں "طیبات" کا ترجمہ زیادہ تر "پاکیزہ چیزیں، ستھری چیزیں، نفیس چیزیں" سے کیا ہے۔ بعض نے صرف "پاکیزہ" ہی رہنے دیا ہے ("چیزیں" نہیں لگایا جو کہ ایک وضاحتی لفظ ہے) بعض حضرات نے حصۂ آیت "مارزقناکم" (جس کی تشریح آرہی ہے) کو سامنے رکھتے ہوئے ترجمہ "پاکیزہ روزیاں" سے کیا ہے۔

(۳) "مَا" یہاں موصولہ بمعنی "جو کچھ کہ / جو کہ" ہے۔ اور چونکہ یہ یہاں مضاف الیہ (طیبات کا) ہو کر آیا ہے جس کا ترجمہ لفظی "پاکیزہ چیزیں" اس کی جو کہ بنتا ہے اس لیے اسے بامحاورہ کرتے ہوئے بیشتر مترجمین نے یہاں "ما" کا ترجمہ "اس کی جو کہ" کی بجائے صرف "جو کہ یا جو" سے ہی کیا ہے اور یوں "من طیبات مَا . . ." کا ترجمہ "نفیس / پاکیزہ چیزوں میں سے جو کہ . . ." کیا ہے بعض نے "مِنْ" کو نظر انداز کرتے ہوئے اس حصۂ آیت کا ترجمہ "وہ پاکیزہ چیزیں جو کہ، جو پاکیزہ چیزیں" کے ساتھ کیا ہے۔

(۴) "رزقناکم" (یہ اس کا رسم املائی ہے رسم قرآنی آگے "الرسم" میں بیان ہوگا) میں آخری ضمیر منصوب "کم" بمعنی "تم کو" ہے۔ اور فعل "رزقنا" کا مادہ "ر ز ق" اور وزن "فَعَلْنَا" ہے۔ اس مادہ سے فعل مجرد (رزق یرزق = روزی دینا) کے باب معنی اور استعمال کی وضاحت البقرہ: ۳ [۲:۲:۱(۶)] میں گزر چکی ہے۔

● اس طرح "مارزقناکم" کا لفظی ترجمہ بنتا ہے "وہ جو کہ روزی دی / عطا کیا ہم نے تم کو"۔ جسے بعض نے (چیزیں کی مناسبت سے) "جو دیں ہم نے تم کو" اور بعض نے "جو ہم نے تم کو دے رکھی ہیں" سے ترجمہ کیا ہے اور بعض نے اس کا ترجمہ صرف "ہماری دی ہوئی" سے کیا ہے جو زیادہ بامحاورہ ہے اگرچہ اصل عبارت سے ذرا ہٹ کر ہے۔

[وَمَا ظَلَمُونَا] یہ ایک مکمل جملہ ہے جو "وَ" (بمعنی "اور" یا "حالانکہ") + مَا (نافیہ بمعنی نہیں[1]) + ظلموا

---

[1] "مَا" جو یہاں (عبارت میں) دو دفعہ آیا ہے موصولہ بھی اور نافیہ بھی۔ اس کے معانی اور استعمالات کی وضاحت کے لیے دیکھیے البقرہ: ۳ [۲:۲:۱(۵)] اور البقرہ: ۲۶ [۲:۱۹:۱(۲)]۔

(انہوں نے ظلم کیا) + "نا" (ہم کو/ہم پر) کا مرکب ہے۔ اس عبارت میں فعل "ظلموا" کی املاء کا یہ پہلو نوٹ کیجئے کہ یہ صیغہ فعل الگ لکھتے ہوئے اس کے آخر پر (واو الجمع کے بعد) زائد الف لکھا جاتا ہے (جو پڑھنے میں نہیں آتا) لیکن جب اسی کے ساتھ ضمیر منصوب (مفعول) لگتی ہے تو یہ زائد الف نہیں لکھا جاتا بلکہ اسے (مثلاً) "ظَلَمُوْنَا" لکھا گیا ہے۔ باقی ضمائر کے ساتھ بھی یہی صورت ہوتی ہے۔ ہاں اگر کوئی اسم ظاہر مفعول ہو تو یہ زائد الف لکھا جائے گا مثلاً "ظَلَمُوا انفسَھم" (انہوں نے اپنے اوپر ظلم کیا) میں۔

● "ظلموا" کا مادہ "ظ ل م" اور وزن "فَعَلُوْا" ہے۔ اس مادہ سے فعل مجرد کے باب اور معنی (ظلم یظلم ۔ ظلم کرنا) وغیرہ پر البقرہ: ۱۷ [۲:۱۳:۱(۱۰)] میں بات ہو چکی ہے۔ سیاق عبارت (بیانِ قصہ) کے لحاظ سے یہاں "ظلموا" کا ترجمہ "انہوں نے ظلم کیا" کی بجائے "نقصان کیا، بگاڑا، زیادتی کی" سے بھی کیا گیا ہے۔ اور یوں "وما ظلمونا" کا ترجمہ "ہمارا کچھ نقصان نہ کیا انہوں نے ہمارا کچھ نہیں بگاڑا، ہم پر زیادتی نہیں کی" سے کیا گیا ہے۔

[وَلٰكِنْ] بمعنی "اور لیکن، مگر" کے معنی اور طریقِ استعمال کے بارے میں البقرہ: ۱۲ [۲:۹:۱(۸)] دیکھئے۔

[كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ] یہ ایک پورا جملہ ہے جس کے تمام اجزاء کی لغوی بحث پہلے ہو چکی ہے مثلاً

"کانوا" (وہ تھے) جو "ک و ن" مادہ سے "فَعَلُوْا" ہے اس فعل کے باب، معنی اور تعلیل وغیرہ کے لیے دیکھئے البقرہ: ۱۰ [۲:۸:۱(۱۰)] نیز البقرہ: ۲۸ [۲:۲۱:۱(۱)]۔

"اَنْفُسَهُمْ" (اپنی جانوں/اپنے آپ کو/پر) کے "انفس" جس کا مادہ "ن ف س" اور وزن "اَفْعُلٌ" ہے۔ اس کے معنی وغیرہ کے بارے میں البقرہ: ۹ [۲:۸:۱(۴)] میں دیکھئے۔

اور "یظلمون" (وہ ظلم کرتے تھے/انہوں نے ظلم کیا) جو "ظ ل م" مادہ سے فعل مجرد کا صیغہ مضارع بروزن "یفعِلون" ہے اس کے باب معنی اور استعمال پر البقرہ: ۱۷ [۲:۱۳:۱(۱۰)] میں بات ہو چکی ہے۔

● اوپر "وما ظلمونا" کے تراجم کی طرح یہاں بھی "ظلم کرنا" کے لیے نقصان کرنا بگاڑنا وغیرہ سے ترجمہ ہو سکتا ہے اور مفعول (انفسھم) کے فعل سے پہلے آنے کی وجہ سے (مزید بحث "الاعراب" میں آئے گی) ترجمہ "اپنا ہی نقصان کرتے رہے، اپنا ہی کھوتے رہے، اپنا ہی بگاڑتے رہے" وغیرہ سے کیا گیا ہے۔

۲:۳۶:۲ الاعراب

آیتِ زیرِ مطالعہ نحوی اعتبار سے پانچ مستقل جملوں پر مشتمل ہے جن میں سے بعض واو العطف یا واو الحال کے ذریعے باہم ملا کر ایک لمبا جملہ بنا دیتے گئے ہیں۔ ہر ایک جملہ کے اعراب کی تفصیل یوں ہے:

① وظلّلنا علیکم الغمام

[وَ] عاطفہ بھی ہو سکتی ہے جو جملے کو ماقبل جملے پر (بلحاظ تسلسل مضمون) عطف کرتی ہے۔ اور یہ واو متانفہ بھی ہو سکتی ہے کیونکہ یہاں سے اسرائیلی تاریخ کے بعض واقعات کے بیان کے سلسلے میں ایک نئے واقعہ یا نئی بات کا آغاز ہوتا ہے [ظَلَّلْنَا] فعل ماضی کا صیغہ جمع متکلم ہے جس میں ضمیر تعظیم "نحن" مستتر ہے جو اللہ تعالیٰ کے لیے ہے [عَلَيْكُمْ] جارّ (علی) اور مجرور (کُمْ) مل کر متعلق فعل (ظلّلنا) ہے جو فعل کے مفعول سے مقدم آیا ہے اس تقدیم کی وجہ سے عبارت میں "تم ہی پر تو" کا مفہوم پیدا ہوتا ہے اگرچہ اکثر مترجمین نے اس فرق کو نظر انداز کیا ہے۔ [الغَمَامَ] فعل "ظلّلنا" کا مفعول بہ (لہٰذا) منصوب ہے جو متعلق فعل سے مؤخر آیا ہے۔ علامتِ نصب اس میں آخری "میم" کی فتحہ (ـَ) ہے۔

● اس فقرے کی سادہ نثر میں ترتیب یوں بنتی ہے "وظلّلنا الغمامَ علیکم" اب اگر فعل "ظلّل" کے عام ڈکشنری والے معنی کو لیا جائے (جو ابھی اوپر حصّہ اللغۃ میں [۲: ۳۶: ۱(۱)] پر بیان ہوئے ہیں) تو اس عبارت کا ترجمہ بنتا ہے "اور ہم نے سایہ کر دیا بادل پر تمہارے اوپر"۔ اور اس کا مفہوم یہ ہو جاتا ہے کہ گویا خود بادل سایے میں ہو گیا۔ جو یہاں مراد نہیں ہے۔ اس لیے بعض علمائے تفسیر و نحو (مثلاً زمخشری، طبرسی، عکبری) نے یہاں "ظلّلنا" کے معنی "پر سایہ کیا" کی بجائے "..... کو سایہ بنایا، ..... کو سائبان بنایا، ..... کو سایہ کرتا بنایا" کیے ہیں۔ جعلنا لکم الغمامَ یُظلّلکم (بادل کو بنایا تم پر سایہ کرتے ہوئے۔ زمخشری[۱])، جعلنا لکم الغمامَ ظُلّۃ (بادل کو تمہارے لیے سائبان بنایا۔ طبرسی[۲]) اور جعلناہ ظِلاً (اس کو سایہ بنایا۔ عکبری[۳]) غالباً یہی وجہ ہے کہ ہمارے متعدد اردو مترجمین نے اس حصّۂ عبارت (وظللنا علیکم الغمام) کا ترجمہ "ہم نے سائبان کیا اوپر تمہارے بادل کو، ہم نے سایہ افگن کیا تم پر ابر کو، اور ہم نے ابر کو تمہارا سائبان کیا" سے ہی کیا ہے۔ اگرچہ بعض حضرات نے اردو محاورہ کو ملحوظ رکھتے ہوئے "ہم نے سایہ کیا/

---

[۱] الکشاف ج ۱ ص ۲۸۲ [۲] مجمع البیان ج ۱ ص ۲۵۸ [۳] التبیان ج ۱ ص ۶۵۔

کیے رکھا/کر دیا تم پر ابر کا" کی صورت میں بھی ترجمہ کیا ہے جو مفہوم اور محاورے کے اعتبار سے درست ہے۔ اگرچہ اس میں ترکیب کی نحوی باریکی کو ملحوظ نہیں رکھا گیا۔

② وانزلنا علیکم المن والسلوی ؛

[و] عاطفہ ہے جس کے ذریعے مابعد والا جملہ سابقہ جملے پر عطف ہے یا اس کے ذریعے آگے آنے والا فعل (انزلنا) گزشتہ فعل (ظللنا) پر عطف ہے [انزلنا] فعل ماضی معروف صیغہ جمع متکلم ہے جس میں ضمیر تعظیم "نحن" مستتر ہے جو اللہ تعالیٰ کے لیے ہے۔ [علیکم] جار (علی) اور مجرور (کم) مل کر متعلق فعل "انزلنا" ہے جو مقدم آیا ہے [المنَّ] مفعول بہ (فعل "انزلنا" کا) ہے لہٰذا منصوب ہے علامتِ نصب آخری "ن" کی فتحہ (ـَـ) ہے۔ [و] عاطفہ ہے اور [السلوی] "المنَّ" پر معطوف ہونے کے باعث منصوب ہے مگر "السلوی" کے اسم مقصور ہونے کی وجہ سے اس میں نصب کی ظاہراً کوئی علامت نہیں ہے —— اور یہ (انزلنا علیکم المن والسلوی) فعل، فاعل، مفعول بہ اور متعلق فعل مل کر جملہ فعلیہ بنتا ہے جو سابقہ جملہ (وظللنا ....) پر عطف ہے۔

● بیشتر مترجمین نے یہاں "انزلنا" کے ترجمہ میں ضمیر تعظیم "نحن" کو نظر انداز کر دیا ہے۔ شاید اس کی وجہ یہ ہے کہ اس سے پہلے "ظَلَّلْنَا" کے ترجمہ میں "ہم نے" استعمال ہوا تو اردو محاورے کے مطابق اس (ہم نے) کی تکرار سے بچنے کے لیے "انزلنا" کا ترجمہ صرف "اتارا یا پہنچایا" ہی رہنے دیا مگر کس نے اتارا ؟ کا جواب ضروری تھا۔ اس لیے دوبارہ "ہم نے" کا لانا بہتر تھا۔

③ کلوا من طیبات ما رزقناکم :

[کُلُوا] فعل امر معروف صیغہ جمع مذکر حاضر ہے جس میں ضمیر فاعلین "انتم" مستتر ہے۔ یہاں "کلوا" سے پہلے ایک فعل "قلنا" (ہم نے کہا) محذوف ہے جس کے ذریعے اس فقرے (۳) کا تعلق سابقہ جملے (۲) سے قائم ہوتا ہے [مِن] حرف الجر اور [طیباتِ] مجرور بالجر ہے اور آگے مضاف ہے اس لیے خفیف ہے۔ یہاں "مِن" تبعیض کا بھی ہو سکتا ہے یعنی "طیبات میں سے کچھ حصہ" اور "مِن" بیانیہ بھی ہو سکتا ہے یعنی "از قسم طیبات یا قسم قسم کے طیبات" [مَا] طیبات کا مضاف الیہ ہے مگر مبنی ہونے کے باعث اس میں ظاہر علامت جر نہیں ہے۔ یہ "مَا" موصولہ ہے اور یہ دراصل تو اپنے صلہ سمیت ہی طیبات کا مضاف الیہ بنے گا۔ [رزقنا] فعل ماضی معروف صیغہ جمع متکلم ہے جس میں ضمیر تعظیم "نحن" مستتر ہے اور [کُمْ] ضمیر منصوب متصل فعل "رزقنا" کا مفعول بہ ہے۔ اور یہ جملہ فعلیہ (رزقناکم) "مَا" موصولہ کا صلہ ہے (یعنی جو ہم نے تم کو دیں یا دے

رکھی ہیں) اور یہ صلہ موصول مل کر "طیبات" کا مضاف الیہ بنتا ہے۔ یوں اس عبارت (کُلوامن طیباتِ مارزقناکم) کا لفظی ترجمہ بنتا ہے: "کھاؤ "مارزقناکم" (جو ہم نے تم کو عطا کیں) کے "طیبات" (پاکیزہ چیزوں) میں سے"۔ جب کہ بعض نے "مَا" کو موصولہ کی بجائے مصدریہ سمجھ کر "مارزقناکم" کا ترجمہ "ہماری دی ہوئی روزی" سے کیا ہے یعنی "رزقِنا ایاکم" کی طرح۔ بعض اُردو مترجمین نے "مِن" کا ترجمہ نظر انداز کرتے ہوئے یا "مِن" کو بیانیہ سمجھتے ہوئے "طیبات" کا مفعول کی طرح ترجمہ کیا ہے۔ یعنی "کھاؤ پاکیزہ چیزیں" کی صورت میں۔ جن حضرات نے "پاکیزہ چیزوں میں سے" کے ساتھ ترجمہ کیا ہے وہ عبارت کے الفاظ سے قریب تر ہے۔

④ وماظلمونا

[وَ] عاطفہ یا حالیہ ہے اور [مَا] نافیہ ہے [ظلموا] فعل ماضی معروف مع ضمیر فاعلین "ھُم" ہے اور اس کے بعد [نَا] ضمیر منصوب متصل اس فعل (ظلموا) کا مفعول بہ ہے۔ "ظلموا" کو ضمیر مفعول "نا" کے ساتھ ملا کر لکھتے وقت واو الجمع کے بعد والا زائد الف گرا کر "ظلمونا" لکھا گیا ہے۔

● سیاقِ عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ یہاں اس جملے (۴) سے پہلے اور سابقہ جملے (۳) کے بعد ایک عبارت مقدر (understood) ہے یعنی "فکفروا نعمۃَ اللہ" (یعنی من وسلوی کے نزول اور بیابان میں بادل کے سایہ جیسی نعمتوں کے باوجود کفرانِ نعمت اور ناشکری کی)۔ اس حصۂ عبارت (وماظلمونا) کے مختلف تراجم حصہ "اللغۃ" میں بیان ہو چکے ہیں۔

⑤ ولکن کانوا انفسھم یظلمون

[وَ] عاطفہ اور [لکن] حرف استدراک (بمعنی لیکن، مگر) ہے۔ یہ "لکِنّ" مشددہ والے معنی ہی دیتا ہے جب کہ "لکنّ" (بلکہ تمام حروف مُشبّہٌ بالفعل) کے بعد ہمیشہ کوئی اسم ہی آتا ہے اُردو ترجمہ میں "وَ" ہے مگر یہ عامل نہیں ہوتا اور اسی لیے اس کے بعد فعل بھی آسکتا ہے جب کہ "لکنّ" (بلکہ تمام حروف مُشبّہٌ بالفعل) کے بعد ہمیشہ کوئی اسم ہی آتا ہے اُردو ترجمہ میں "وَ" عاطفہ کو نظر انداز کر کے "ولکن" کا ترجمہ "لیکن، مگر یا بلکہ" سے کیا جاتا ہے۔ [کانوا] فعل ناقص صیغہ ماضی جمع مذکر غائب ہے جس میں اس کا اسم "ھُم" مستتر ہے۔ [انفسَھم] مضاف (انفس) اور مضاف الیہ (ھُمْ) مل کر آگے آنے والے فعل (یظلمون) کا مفعول بہ مقدم ہے [یظلمون] فعل مضارع مع ضمیر فاعلین "ھُم" ہے (جس کی علامت "یظلمون" کی واو الجمع ہے)۔ دراصل سادہ نثر میں یہ پوری عبارت "ولکن کانوا یظلمون انفسھم" تھی جس میں "انفسھم" پر زور دینے کے لیے

اسے مقدم کیا گیا ہے جس کی وجہ سے اُردو ترجمہ میں "ہی" کا اضافہ کیا گیا ہے۔ جسے قریباً تمام مترجمین نے ملحوظ رکھا ہے یعنی "انفسھم" کا ترجمہ اکثر نے "اپنا ہی" سے کیا ہے۔ عبارت کا آخری حصّہ (انفسھم یظلمون) فعل ناقص "کانوا" کی خبر (لہٰذا محلاً منصوب) بھی ہوسکتی ہے یعنی "کانوا ظالمین" کے معنی میں۔ اور چاہیں تو "کانوا یظلمون" کو فعل ماضی استمراری (اکٹھا ایک فعل) سمجھ "انفسھم" کو اس کا مفعول (لہٰذا) منصوب سمجھ لیں۔ اس حصّہ آیت ("ولکن کانوا انفسھم یظلمون") کے تراجم کے تنوع پر حصہ اللغہ میں بات ہوچکی ہے۔

۲:۳۶:۳ الرسم

آیتِ زیرِ مطالعہ کے قریباً تمام کلمات (جو ۲۰ کے قریب ہیں) کا رسم املائی اور رسم عثمانی یکساں ہیں صرف چار کلمات بلحاظ رسم توجہ طلب ہیں یعنی: "الغمام، طیبت، رزقنکم اور ولکن۔ تفصیل یوں ہے۔

① الغمام: یہ لفظ قرآن کریم میں چار جگہ آیا ہے یہاں (البقرہ: ۵۷)، البقرہ: ۲۱۰، الاعراف: ۱۶۰ اور الفرقان: ۲۵ میں۔ کتب الرسم میں سے المقنع (للدانی) اور العقیلہ (للشاطبی) ہر جگہ اس میں حذف الف (بین المیمین) کے بارے میں خاموش ہیں گویا ان کے نزدیک یہ رسم املائی کی طرح ہر جگہ باثبات الف (پہلی میم کے بعد) ہی لکھا جائے گا (الغمام)

● علم الرسم کے تیسرے بڑے عالم ابوداؤد (ابن نجاح) کی غیر مطبوعہ کتاب "التنزیل" کی طرف یہ قول منسوب ہے کہ وہ سورۃ البقرہ والے دونوں کلمات میں تو (حذف کی عدم تصریح کی بناء پر) اثباتِ الف کے قائل ہیں مگر باقی دو مقامات (الاعراف اور الفرقان والے) پر ان سے حذف الف ثابت ہے یعنی "الغمم" لکھا جائے گا۔ علم الرسم کی مندرجہ بالا تینوں کتابوں اور ان کے مؤلفین کا ذکر اس سے پہلے بحث "الرسم" کے سلسلے میں کئی دفعہ آچکا ہے۔

● اب اس لفظ (الغمام) کے رسمِ عثمانی کے ضمن میں علم الرسم کے ایک چوتھے بڑے عالم علی بن محمد المرادی الاندلسی المعروف "البلنسی" (جو ابوداؤد کے قریباً معاصرین میں سے تھے) کی کتاب "المنصف" (جو ابوداؤد کی "التنزیل" کی طرح ابھی تک کہیں طبع نہیں ہوئی) کی طرف منسوب یہ قول بیان کیا گیا ہے کہ انہوں نے ان چاروں مقامات پر اس لفظ (الغمام) کے بحذف الف (بین المیمین) لکھے جانے کی تصریح کی ہے۔ صاحب نثر المرجان نے الدانی کے مطابق اثبات

الف کو اختیار کیا ہے اگرچہ ساتھ الجزری کے اختلاف کا بھی ذکر کیا ہے[۱]

● یہ تو تھی کتبِ رسم کی بات۔ راقم الحروف نے اپنے پاس موجود مصاحف (مطبوعہ) میں اس لفظ کے رسم کی پڑتال کی تو معلوم ہوا کہ:

(۱) لیبی مصحف الجماہیریہ میں الدانی کو ترجیح دینے کے اصول کی بنا پر چاروں مقامات پر یہ لفظ باثبات الالف بین المیمین یعنی "الغمام" لکھا گیا ہے۔ برصغیر کے تمام اہم مصاحف مثلاً انجمن حمایت اسلام اور الفی قرآن مطبوعہ بمبئی کے علاوہ ترکی اور ایران کے مصاحف میں بھی اسے باثبات الالف ہی (ہر جگہ) لکھا گیا ہے۔ اگرچہ ان میں اثبات الف کی وجہ وہ نہیں جسے لیبیا والوں نے اصول بنایا ہے۔

(۲) سعودی، مصری، سوڈانی اور نائیجیری مصاحف میں ابوداؤد کے قول کے مطابق یہ لفظ البقرۃ کے دونوں مقامات پر باثبات الالف (الغمام) اور باقی دو مقامات (الاعراف اور الفرقان) پر یہ بحذف الالف (الغمم) لکھا گیا ہے۔

(۳) غانا (افریقہ) کے مصحف میں صرف البقرہ: ۵۷ (یہاں) باثباتِ الالف اور باقی تینوں مقامات پر بحذف الالف لکھا گیا ہے ویسے یہ علمائے رسم میں سے کسی کا قول نہیں ہے۔

(۴) تونس کے مصاحف (جن میں سے راقم کے پاس تین ہیں یعنی عبدالعزیز الخماسی، الحاج زہیر اور النبجانی المحمدی کے مکتوبہ) اور مراکشی مصاحف میں "المنصف" کے موقف پر عمل کرتے ہوئے یہ لفظ چاروں جگہ بحذف الالف (الغمم) لکھا گیا ہے۔

خلاصہ بحث یہ کہ "الغمام" یا "الغمم" کا رسم عثمانی مختلف فیہ ہے اور مختلف ملکوں میں مختلف اقوال پر عمل ہوتا ہے۔ تاہم یہ عمل تین اقوال میں ہی منحصر ہے۔

(۲) "طیبت" جس کا رسم املائی "طیبات" ہے۔ قرآن کریم میں یہاں اور ہر جگہ "بحذف الالف بعد الباء" (طَیِّبٰت) لکھا جاتا ہے۔ بلکہ رسم عثمانی میں عموماً جمع مؤنث سالم ہر جگہ بحذف الالف ہی لکھی جاتی ہے۔ البتہ بعض مستثنیات ہیں جو اپنی اپنی جگہ مذکور ہوں گی۔

(۳) "رزقنکم" جس کا رسم المعتاد "رزقناکم" ہے قرآن کریم میں یہاں اور ہر جگہ بحذف الالف بعد النون لکھا جاتا ہے۔ بلکہ یہ قاعدہ بیان ہو چکا ہے کہ رسم عثمانی کے مطابق جہاں بھی ضمیر

---

[۱] مزید وضاحت کے لیے دیکھئے سمیر الطالبین (للضباع)، ص ۵۹، دلیل الحیران (للمارغنی)، ص ۱۰۲-۱۰۳، لطائف البیان (لابی زیتحار) ج ۱ ص ۳۹ اور نثر المرجان ج ۱ ص ۱۴۸۔

مرفوع متصل (نا) کے ساتھ کوئی ضمیر منصوب (مفعول) متصل آئے تو اس "نا" کا الف کتابت میں گرادیا جاتا ہے۔ اگرچہ تلفظ میں برقرار رہتا ہے۔

(۴) "لکن" کے بارے میں یہ بات قابل ذکر ہے کہ یہ لفظ مخفف ہو یا مشدد رسم عثمانی کے علاوہ رسم املائی میں بھی بحذف الف بعد اللام لکھا جاتا ہے۔ حالانکہ صوتی اعتبار سے اس کی املا "لاکن" ہونی چاہیے تھی۔ گویا اس لفظ کی املا بھی رسم املائی پر رسم عثمانی کے اثرات کا ایک مظہر ہے۔

۲:۳۶:۴ الضبط

آیت زیر مطالعہ میں طریق ضبط کا تنوع حسب ذیل نمونوں میں دیکھا جا سکتا ہے۔

وَظَلَّلْنَا ، ظَلَّلْنَا ، ظَلَّلْنَا / عَلَيْكُمْ ، عَلَيْكُمْ / الْغَمَامَ ،
الْغَمَامَ ، اَلْغَمَامَ ، اَلْغَمَٰمَ (بحذف الف) / وَاَنْزَلْنَا ، اَنْزَلْنَا ، أَنْزَلْنَا ،
اَنْزَلْنَا / عَلَيْكُم / الْمَنَّ ، اَلْمَنَّ ، اَلْمَنَّ / وَالسَّلْوٰى ، اَلسَّلْوٰى ،
اَلسَّلْوٰى / كُلُوْا ، كُلُوا ، كُلُوْا / مِنْ ، مِنْ ، مِن / طَيِّبٰتِ ،
طَيِّبَاتِ ، طَيِّبٰتِ / مَا ، مَا ، مَا / رَزَقْنٰكُمْ ، رَزَقْنٰكُمْ ، رَزَقْنٰكُمْ /
وَمَا / ظَلَمُوْنَا ، ظَلَمُونَا ، ظَلَمُونَا ، ظَلَمُوْنَا /
وَلٰكِنْ ، لٰكِنْ ، لٰكِنْ / كَانُوْا ، كَانُوْا ، كَانُوْا ، كَانُوْا / اَنْفُسَهُمْ
أَنْفُسَهُمْ ، اَنْفُسَهُمْ / يَظْلِمُوْنَ ، يَظْلِمُونَ ، يَظْلِمُونَ ۔

وَقَالَ الرَّسُوْلُ يٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِي اتَّخَذُوْا هٰذَا الْقُرْاٰنَ مَهْجُوْرًا

اور پیغمبر کہیں گے کہ اے پروردگار میری قوم نے اس قرآن کو چھوڑ رکھا تھا

(الفرقان - ۳۰)

رسید کتب

نام کتاب: سورۃ العصر کی شرح' تفسیر اور فضائل

مصنف : محمد نواز خان بھیروی

صفحات : ۲۵۰ (مجلد' سفید کاغذ' دیدہ زیب ڈسٹ کور کے ساتھ)

قیمت : ۳۵۰ روپے

شائع کردہ: پروگریسو پبلشرز' ذیلدار پارک' اچھرہ' لاہور

گزشتہ دورۂ امریکہ کے دوران

امیر تنظیم اسلامی' ڈاکٹر اسرار احمد کے تمام دروس و تقاریر

انگریزی زبان میں ہوئے۔ بالخصوص درج ذیل موضوعات پر امیر تنظیم کے خطاب باہتمام ریکارڈ کئے گئے اور اب ان کے آڈیو اور وڈیو کیسٹ تیار کر لئے گئے ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

1- حقیقت ایمان (What is I'man) دورانیہ 6 گھنٹے

2- نظام خلافت (What is Khilafah) دورانیہ 8 گھنٹے

3- حقیقت جہاد (What is Jihad) دورانیہ 2 گھنٹے

4- حقیقت نفاق (What is Nifaq) دورانیہ 2 گھنٹے

5- حقیقت شرک (What is Shirk) دورانیہ 2 گھنٹے

یہ تمام کیسٹ انجمن خدام القرآن اور تنظیم اسلامی کے مراکز سے حاصل کئے جاسکتے ہیں!

5. *Report of the Council of Islamic Ideology on Elimination of Interest from the Economy* (Islamabad: C.I.I., 1980)
6. *Annual Report of the State Bank of Pakistan*, 1984. (Karachi: State Bank of Pakistan, 1985).
7. State Bank of Pakistan (SBP) circular no. BCD-13, 20 June 1984.
8. Text reproduced in *Islamic Studies*, Islamabad, Spring 1985, PP. 86-114.
9. SBP Circular BCD-13.
10. Qur'an (2:275-79).
11. SBP Circular No. BCD 26, November, 1984.
12. SBP Circular No. BCD 13, 20 June, 1984.
13. Siddiqi, M.N., *Partnership and Profit-sharing in Islamic Law* (Leicester, 1985), pp. 24-29
14. SBP Circular No. BCD 33, 26 November, 1984.
15. SBP Circular No. BCD 39, 10 December, 1984.
16. Ibid. and Circular No. BCD 40, 10 December, 1984.
17. *Report of the High Level Working Group on Housing Finance on Income Sharing Basis, unpublished*, (Karachi, HBFC, 1980).
18. HBFC Act, 1952 (as amended), Sec. 24 (8).
19. An exception to this has been made by banks (perhaps without approval from the State Bank) in case of markup on export finance. If a person takes finance for export but fails to export the goods, he is charged a markup on the principal and then a markup on the total for another 210 days.
20. "But if you repent, you shall keep your principal. Oppress none and no one will oppress you" (Qur'an 2 : 279).
21. Siddiqi, M. N., *Issues in Islamic Banking*, (Leicester: Islamic Foundation, 1983), p. 81ff.
22. SBP Circular No. BCD 39, 10 December, 1984.
23. SBP Circular No. BCD 34, 10 December, 1984.
24. Meenai, S. A., *Money and Banking in Pakistan*, (Karachi, 1984) pp. 136-139.
25. Explained below.
26. Ahmad, Sh. Mahmud, "Banking in Islam,"*Muslim News International*, (Karachi, June 1969), pp. 5-11.

AUDIO CASSETTES
QURANIC TRANSLATION

English translation of Dr. Israr Ahmad's Session for Translation of Quran during the month of Ramazan. 6 audio cassettes (each 90 minutes) for Juz:1 are now available. Valuable to utilize your time when you are driving. Inquiries/order are welcome at

The Maktabah, 36-K Model Town,Lahore.

trade, the audit would also examine the performance of businesses carried out by the banks. The audit criteria would be derived from the above mentioned guidelines for management. The auditors would report on whether the banks carried out their business economically, efficiently, and effectively and whether the banks had suitable internal controls in place to safeguard the public funds being handled by them. This would, of course, require a basic change in the concept, scope, approach, and procedures of audits. Training of auditors in the expanded scope of auditing would be another requirement of the proposed system.

Concluding Remarks

The above proposals transcend the existing framework of banking. They visualize an expanded role for banks and consider complete restructuring of the system. We think the present literature on the subject shows the patchwork in the existing system. Consequently it has resulted in a number of compromises. These have kept the institution of interest intact.

The proposed approach needs to be developed into a model. Interest is so deeply interwoven into the economy these days that only a major departure from current thinking can find a way to eliminate it. Elimination of interest is not merely a legal problem. It has wide social and economic dimensions. Those who think that we can do away with interest by a simple switchover to profit sharing have not understood the problem in all its complexity.

FOOTNOTES

1. See, for example, Fazalur Rehman, "*Riba* and interest," *Islamic Studies*, Karachi, March 1964, pp. 1-43 and Shah, S.Y. "Islam and productive credit," *Islamic Review*, London, March 1959, pp. 34-37.
2. See, for example, Mawdudi, A.A., *Sud* (Interest), (Lahore, 1961); Shafi.
3. *Report on Istifsarat* 1962-1984 (Report on Questions Asked). (Urdu). (Islamabad, 1984).
4. *Report of the Panel of Economists and Bankers on Elimination of Interest from the Economy*, (Islamabad: The Council of Islamic Ideology, 1980).

continue opening with the banks, as at present, those people who want to receive a return on their money could invest their money in specific banks. Their decisions to open investment accounts in a particular bank would be an indication of their preference for that particular business. They would be making a conscious decision to share the risk and profit of the particular trade. In this way, they would take an interest in that particular trade as well. Different banks could compete for desposits for investment on the basis of their performance and prospects. This would help in keeping the banks efficient in running their businesses.

